# خلقتِ محمدی

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی

ادارۂ مسعودیہ
۲/۶، ۵-ای-۱، ناظم آباد، کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان ۱۴۲۵ھ/۲۰۰۵ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# خلقتِ محمدی

مصنفہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

مرتبہ

محمد علی سومرو مسعودی

ادارۂ مسعودیہ

۶/۲، ۵ـای، ناظم آباد، کراچی (سندھ)

اسلامی جمہوریہ پاکستان

(۱۴۲۶ھ/۲۰۰۵ء)

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب ............ خلقت محمدی

مصنف ............ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

مرتب ............ محمد علی سومرو مسعودی

حروف ساز ............ سید شعیب افتخار مسعودی، محمد عدیل

جیلانی پرنٹ، کراچی، ۵۶۵۰۳۵۲

ناشر ............ ادارۂ مسعودیہ، کراچی

طباعت ............ ۱۴۲۶ھ/۲۰۰۵ء

اشاعت ............ اوّل

تعداد ............ (۱۰۰۰) ہزار

مطبع ............ برکت پریس، کراچی

قیمت ............

## ملنے کے پتے

۱.....ادارہ مسعودیہ، ۲/۶، ۵/ای، ناظم آباد، کراچی

۲.....ضیاء الاسلام پبلی کیشنز، شوگن مینشن، محمد علی جناح روڈ آف محمد بن قاسم روڈ، کراچی

۳.....ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا، ۲۵۔ جاپان مینشن، ریگل، صدر، کراچی

۴.....فرید بک اسٹال، ۳۸۔ اردو بازار، لاہور

۵.....ضیاء القرآن پبلی کیشنز، انفال سینٹر، اردو بازار، کراچی

۶.....مکتبہ غوثیہ، محلہ فرقان آباد، پرانی سبزی منڈی، کراچی

۷.....سکندر علی مسعودی ابن لیاقت علی مسعودی، ۲۵ ریس روڈ، لاہور

۸.....ادارۂ مظہر اسلام، نئی آبادی، مجاہد آباد، مغل پورہ لاہور

Marfat.com




Marfat.com

# حضرت عباس رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب

مِنْ قَبْلِهَا طِبْتَ فِي الظِّلَالِ وَفِي
مُسْتَوْدَعٍ حَيْثُ يُخْصَفُ الْوَرَقُ
آپ اس سے پہلے سایۂ خاص میں بسر کر رہے تھے اور
اُس منزلِ محفوظ میں تھے جہاں پتوں سے بدن ڈھانپا گیا

ثُمَّ هَبَطْتَ الْبِلَادَ لَا بَشَرٌ
أَنْتَ وَلَا مُضْغَةٌ وَلَا عَلَقُ
پھر آپ بستی میں اُترے، مگر نہ تو آپ ابھی بشر تھے
نہ گوشت پوست اور نہ لہو کی پھٹکی

بَلْ نُطْفَةٌ تَرْكَبُ السَّفِينَ وَقَدْ
أَلْجَمَ نَسْرًا وَأَهْلَهُ الْغَرَقُ
بلکہ وہ آبِ صافی، جو کشتیوں پر سوار تھا
جب سیلاب کی موجیں چوٹی کو چھو رہی تھیں اور لوگ ڈوب رہے تھے

تُنْقَلُ مِنْ صَالِبٍ إِلَى رَحِمٍ
إِذَا مَضَى عَالَمٌ بَدَا طَبَقُ
منتقل ہوتا رہا صُلب سے رحم کی طرف
پھر جب ایک عالم گزر چکا مرتبۂ حال کا ظہور ہوا

وَرَدْتَ نَارَ الْخَلِيلِ مُكْتَتِمًا
فِي صُلْبِهِ أَنْتَ كَيْفَ يَحْتَرِقُ
آپ آتشِ خلیل میں اُترے، چھپے چھپے،
آپ اُن کی صلب میں تھے تو وہ کیسے جلتے

حَتَّى احْتَوَى بَيْتُكَ الْمُهَيْمِنُ مِنْ
خِنْدِفَ، عَلْيَاءَ تَحْتَهَا النُّطُقُ
تا آنکہ آپ کا محافظ وہ صاحبِ شوکت گھرانہ ہوا جو
خندف جیسی رفیع المرتبت خاتون کا ہے جس کا دامن زمین پر لوٹتا تھا

وَأَنْتَ لَمَّا وُلِدْتَ أَشْرَقَتِ الْأَ
رْضُ وَضَاءَتْ بِنُورِكَ الْأُفُقُ
اور آپ جب پیدا ہوئے تو چمک اٹھی زمین
اور روشن ہو گئے آفاقِ سماوی آپ کے نور سے

فَنَحْنُ فِي ذَلِكَ الضِّيَاءِ وَفِي النُّـ
تو اب ہم لوگ اسی روشنی اور اسی نور میں

ـورِ وَسُبُلَ الرَّشَادِ نَخْتَرِقُ
ہیں اور ہدایت و استقامت کی راہیں نکال رہے ہیں

Marfat.com

# فہرس


| | |
|---|---|
| ۱۔پیشِ لفظ | محمد علی سومرو مسعودی |
| ۲۔جھلکیاں | |
| ۳۔خلقتِ محمدی | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد |
| ۴۔حواشی اور حوالے | |
| ۵۔حدیثِ جابر رضی اللہ عنہ کا تحقیقی جائزہ | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد<br>مفتی محمد جان مجددی نعیمی |
| ۶۔اختتامیہ | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد |


Marfat.com

# پیش لفظ

حضرت مسعود ملت، مجدد ملت، سعادت لوح وقلم، عظیم محقق و تحقق نگار، ماہر رضویات، نبہانی العصر پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد دامت برکاتہم العالیہ سے کون واقف نہیں بلکہ یوں کہیئے کہ آپ کے علمی ادبی وقلمی چرچہ تمام ملکوں میں ہورہا ہے اور بلاشبہ اس نفس پروری دور میں اعلیٰ نظر آتے ہیں،......

حضرت مسعود ملت جن کا تحریری سلسلہ بہت وسیع نظر آتا ہے...... اب تک بے شمار مضامین، مقالات، تقدیمات اور کتابیں تحریر فرما چکے ہیں...... تحریریں اس قدر عاشقانہ، عارفانہ، شاعرانہ، عقیدت مندانہ اور عالمانہ ہوتی ہیں کہ ہر کوئی متاثر ہوتا ہوا نظر آتا ہے...... کتاب ''جانِ جاناں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' (مطبوعہ کراچی ۱۹۹۰ء) بھی اسی انداز میں ہے' اللہ اللہ! کتاب کیا ہے...... سراپا محبت اور سراپا عشق...... ایک ایک جملے میں جذبۂ ایمان و جذبۂ عقیدت جھلکتا نظر آتا ہے'...... یہ کتاب راقم نے ایک صاحب کو پڑھنے کے لئے دی، عقیدے کے ٹھیک نہ تھے...... محبت و عشق سے خالی تھے الحمدللہ اس کتاب نے ان کے دل میں جذبۂ ایمان و عقیدت پیدا کی اور محبت و عشق سے انہیں آشنائی ہوئی خود راقم سے کہا کہ اس کتاب نے میرے بہت سے شک اور غلط فہمیاں دور کیں' ماشاءاللہ! سبحان اللہ......

اس کے علاوہ یہی کتاب دوسروں کو بھی پڑھنے کے لئے دی الحمدللہ متاثر ہی ہوئے۔ بہر حال کتاب جان جاناں اتنی اچھے انداز میں خلقت محمدی ظہورِ قدسی اور جشنِ ولادت کے حقیقت کو اُجاگر کر رہی ہے جو اپنی مثال آپ ہے ہم یہاں

Marfat.com

اس کتاب کا پہلا باب ''خلقت محمدی'' پیش کر رہے ہیں......اس کتاب کے شروع میں قرآن وحدیث مبارکہ سے ثابت کیا ہے کہ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' تخلیق اوّل ہیں (حدیث نور پر آپ نے ایک تازہ مقالہ قلم بند کیا ہے وہ بھی آخر میں شامل کردیا گیا ہے) اور یہ بھی ثابت کیا جارہا ہے کہ ہر نبی نے اپنے اپنے دور میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور اور آمد آمد کی خوشی خبریاں سنائیں' ان شواہد سے پتہ یہ چلا کہ ہر پیغمبر نے اپنے اپنے وقت میں محفل سجا کر ذکرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا اور کتاب تاریخی حوالوں سے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے جو جو نشانیاں بتائی گئی انہیں جمع کرتی چلی جارہی ہے......کتاب اس حقیقت کو بھی اُجاگر کررہی ہے کہ جشنِ ولادت منانا اور اس خوشی میں محفلیں قائم کرنا باعثِ اجر ہے اور اس کے بھی دلائل پیش کررہی ہے کہ میلاد شریف منعقد کرنا اسلاف کرام کی سُنت ہے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود صحابہؓ اکرم رضی اللہ عنہم کے سامنے ذکر ولادت فرمایا......اس لئے ایسی کوئی دلیل نہیں کہ ذکر ولادت شریف کی خوشی میں محفلیں قائم نہ کرنی چاہئے بلکہ ہمارے اسلاف کرام ہر دور میں میلاد شریف مناتے آئیں ہیں اس سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں' بہرحال کتاب عاشقانہ انداز میں اس حقیقت کو بھی اُجاگر کررہی ہے جس سے معلوم ہورہا ہے کہ ''عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کے لئے سب سے بڑی عید ہے''......اللہ اللہ! کیا راز کھولا جارہا ہے'......بیشک یہ عید سب سے بڑی ہے کہ اسی عید کے صدقے ہمیں ساری عیدیں نصیب ہوئیں یہ معمولی بات نہیں بہت بڑی بات ہیں......غور کرنے کی بات ہے ہر انسان کو سمجھ لینا چاہئے کہ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا......اللہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وسیلہ ہی سے ساری کائنات کو سجایا اور ساری نعمتوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ

Marfat.com

وسلم کا وسیلہ بنایا...... اللہ نے حکم فرمایا کہ اپنی نعمت کا خوب چرچا کرو...... کتاب باخبر کر رہی ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہی اوّل نعمت ہیں...... اس میں اشارہ ہے ہمارے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر و چرچا کرنے کا 'کتاب ہر وہ دلیل پیش کر رہی ہے جو قرآن کریم و حدیث مبارکہ میں ہے...... یہی وجہ ہے کتاب میں دلیل و شواہد کے انبار لگا دیئے ہیں کہ جن سے شک وشبہات دُور ہوتے ہیں اور انکار کی کوئی گنجائش نہیں رہتی...... کتاب عالم اسلام کے مسلمانوں بلکہ غیر مسلموں کو بھی بیدار کر رہی ہے اور پیغام دے رہی ہے کہ اپنے دلوں کو ذکر رسول اور عشق مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روشن کیجئے اور اپنے ایمان وعقیدے کو درست کیجئے............

○

باب ''خلقتِ محمدی'' میں قرآن وحدیث سے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نُور ثابت کیا اور شواہد پیش کیے کہ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دُنیا میں بشری صورت میں بھیجا...... اللہ کے ہاں آپ نُور ہیں اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا...... جو نُور کی حقیقت سے واقف نہیں انہیں قرآن کریم وحدیث مبارکہ کا مطالعہ کرنا چاہیے......

باب ''خلقتِ محمدی'' میں بتایا گیا ہے کہ نُور محمدی سے ہی کائنات کا ذرّہ ذرّہ وجود میں آیا یہاں تک حضرت آدم علیہ السلام بھی نہ تھے اللہ نے آپ کو نُور محمدی کے ہی وسیلے سے پیدا فرمایا اور جب آپ سے لغزش ہوئی اللہ نے اسی نُور کے طفیل معاف فرمایا...... روایتوں میں آیا ہے کہ ''حضرت آدم علیہ السلام نے خود عرش پر نُور محمدی کا جلوہ ملاحظہ فرمایا...... اللہ اللہ! نُور محمدی کو کیا وجود بخشا کہ سارے جہاں کو آباد فرما دیا آج جو کچھ ہے سب اسی نُور کے صدقے سے

Marfat.com

ہے...... بابِ ''خلقتِ محمدی'' میں ایک آیت پیش کی گئی جس کے آخر میں فرمایا گیا ہے کہ ''جو اس نُور کی پیروی کریں وہی لوگ با مراد ہیں''...... حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مکتوبات شریف میں نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس طرح ذکر فرمایا ہے:۔

''حقیقت مُحمّدی عَلَیۡہِ مِنَ الصَّلوٰتِ اَفۡضَلُھَا وَمِنَ اَکۡمَلُھَا کہ ظہور اوّل میں سب سے بڑی حقیقت ہے اس کے معنی یہ کہ دوسرے تمام حقائق کیا انبیاء کرام اور کیا ملائکہ عظام علیہ وَعلیھما الصلوٰۃ والسلام کے حقائق کا اصل ہے۔ رسُول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوۡرِیۡ اور فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خُلِقۡتُ مِنۡ نُوۡرِاللّٰہِ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ مِنۡ نُوۡرِیۡ پس یہی حقیقت باقی تمام حقائق اور حق تعالیٰ کے درمیان واسطہ ہے اور حضور علیہ وعلیٰ آلِہ الصلوٰۃ والسلام کے واسطہ کے بغیر کوئی مطلوب تک نہیں پہنچ سکتا۔ فَھُرَ نَبِیُّ الاَنۡبِیَآءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ وَاِرۡسَالُہٗ رَحۡمَۃٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ وَعَلَیۡہِ وَعَلَیۡھِمُ الصَّلوٰتُ وَالتَّسۡلِیۡمَاتُ یہی وجہ ہے کہ انبیاء اوالعزم باوجود اصالت کے آپ کی اتباع طلب کرتے رہے اور آپ کی اُمّت میں داخل ہونے کی آرزو کرتے رہے جیسا کہ حدیث میں درج ہے''۔

(دفتر سوم۔ حصہ نہم ص ۱۲۷ مکتوب نمبر ۱۲۲)

اب غور کریں کہ جو نُور محمدی کے حقیقت سے واقف نہیں کتنی عجیب بات معلوم ہوتی ہے' انہیں اس حقیقت سے آگاہی حاصل کرلینی چاہیئے اور قرآن وحدیث میں جو نُور کا ذکر آیا ہے اسے ہر حالت میں تسلیم کرنا چاہیئے...... یاد رکھیں جو نُور کو نہیں مانتے اُن کے اس انکار سے نُور محمدی کو کوئی فرق نہیں آئے گا ہاں، اپنے آپ کو ضرور خسارے میں ڈالیں گے اگر ہم دوسری طرف جائیں کہ ایسے لوگ قرآن کریم کی ایک آیت پر ایمان ہی نہیں رکھتے تو وہ اپنے بارے میں خود فیصلہ کریں کہ مسلمان رہنے کی گنجائش ہے یا نہیں؟...... اس لئے جو قرآن کہہ رہا ہے

Marfat.com

اس پر ایمان لانا ہی لانا ہے اور اُن پر بھی ایمان لانا ہے جن سے ان کی نسبت ہو'ا س پر غور کریں اور خوب غور کریں یہ بات ایمان اور عقیدے کی ہے' ایمان کی نشانی بھی یہی ہے کہ جو قرآن حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عظمتِ کو بیان کرے اسے ہر حال میں تسلیم کرنا ہے...... اس سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں'...... باب ''خلقت محمدی'' جس میں بتایا گیا کہ اللہ نے اپنے ہی نُور سے نُور محمدی کو وجود بخشا اور اسی نُور سے ساری مخلوق کو پیدا کیا...... جب اسی نُور کے وسیلے حضرت آدم علیہ السلام کی دُعا قبول ہوئی تو اللہ نے انسانوں کا سلسلہ بڑھایا اور یہی نُور پاک پشتوں سے ہوتا ہوا عبداللہ تک آیا...... اللہ نے اس نُور کو ظاہر فرمایا اور دُنیا میں بشری صورت میں انسانوں کے سامنے پیش کر کے، ایک ہدایت کا سرچشمہ جاری فرمایا'...... اب انسان پھر بھی نور محمدی کے حقیقت کو نہ جانے تو اس سے بڑی کوئی بدنصیبی نہیں، حضرت مسعود ملت نے ایک جگہ خوب فرمایا:۔

انسان کو مٹی سے بنایا یہ سب کی سمجھ میں آ گیا...... حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے نُور سے بنایا یہ سمجھ میں نہ آیا' یہ بات عجائبات سے ہے'...... ''آخری پیغام'' (مطبوعہ کراچی ۱۹۸٦ء) ص ۲۲٦ میں ایک جگہ نُور کی حقیقت کو اس طرح اُجاگر کیا'...... جب اُس حُسن نے 'نُور' میں جلوہ دکھایا تو محمد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا پیکر نُورانی جلوہ افروز ہوا'......

اللہ اللہ! حضرت مسعود ملت نے اِس باب ''خلقت محمدی'' میں اپنے عشق میں سرشار ہو کر اس حقیقت نُور محمدی کو اجاگر کیا اور اس موضوع پر کافی شواہد جمع فرمائے...... آپ کی ایک ایک تحریر پڑھنے اور غور کرنے کے قابل...... آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نُور ہونے پر عالم اسلام کو دعوت جس انداز میں دی اس کا جواب نہیں...... عظمت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور تخلیقِ محمدی کو جس انداز میں آپ کی تحریر متوجہ کرتی چلی جا رہی ہے یہ اپنی مثال آپ ہے'......

Marfat.com

○

حضرت مسعود ملت کا انداز تحریر عشق مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور دلوں میں محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اجاگر کرتی چلی جاتی ہیں...... آپ کی نگارشات جس کی بڑی خوبی یہ ہے کہ اسے بار بار پڑھنے کو دل چاہئے...... آپ کے نگارشات وملفوظات سے عام لوگوں کے علاوہ علماء واہل قلم بھی فیض پا رہے ہیں'...... آپ کا تصنیفی وتالیفی سلسلہ بلا شبہ آج عالم اسلام بالخصوص سواد اعظم اہلسنت کے لئے اہم کارنامہ ہے جس سے دُنیا آئندہ بھی بھرپور فائدہ حاصل کرتی رہے گی' انشاء اللہ تعالیٰ..............

آپ کی نگارشات کے مختلف زبانوں میں تراجم ہوکر لاکھوں کی تعداد میں چھپ کر پھیل چکے ہیں...... بلاشبہ آپ کی نگارشات نے عشق مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جذبہ پیدا کیا ہے...... آپ کی نگارشات میں ایک اور جو خصوصیت دیکھنے میں آئی وہ ہے 'ادبیت' جس سے پڑھنے والا ضرور باادب ہوتا چلا جاتا ہے...... آپ کی انداز تحریر جس کی کیا تعریف کی جائے کہ لطافت ہی لطافت...... کیف ہی کیف ......روحانیت ہی روحانیت اور سُرور ہی سُرور...... اللہ اللہ! ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لکھنے والے ہمارے سامنے ہے اور ہم کو سُنایا جارہا ہے...... یہ حقیقت ہے افسانہ نہیں جنہوں نے آپ کی کتابیں پڑھیں ہیں اس حقیقت سے واقف ہیں......شروع شروع راقم خود آپ کی کتابوں سے متاثر ہوا......آپ سے ملاقات کا شرف ہوا اور صحبت حاصل ہوئی...... اب علمی وقلمی سلسلہ آپ ہی کے رہنمائی سے جاری ہوا ورنہ یہ کام اتنا آسان نہیں جتنا نظر آتا ہے...... یہ سب حضرت کی دُعائیں اور روحانی فیض کا اثر ہے کہ یہ کام آسان ہوتا جارہا ہے...... دُعا ہے اللہ سے آپ ہی کے صدقے یہ سلسلہ جاری وساری رکھے۔ (آمین)

Marfat.com


بہر حال پیش نظر رسالہ کتاب ''جان جاناں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کا ہی پہلا باب ہے دورانِ مطالعہ دل میں بات آئی کہ بابِ خلقتِ محمدی کو الگ سے چھپوایا جائے تا کہ لوگ اِس سے مستفیض ہوسکیں...... حضرت مسعود ملت سے ذِکر کیا' قربان جائیں حضرت کی شخصیت پر کہ اجازت بھی فرمائی اور حوصلہ بھی بڑھایا' الحمدللہ اب اسے چھپوانے کی سعادت حاصل ہورہی ہے...... طباعت و اشاعت کا مقصد صرف یہی ہے کہ لوگ اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کریں اور جو نُورِ محمدی کے حقیقت کو نہیں جانتے اس سے باخبر ہوجائیں۔ رسالہ عالم اسلام کے مسلمانوں کو خبردار کررہا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تخلیق اوّل ہے اور آپ ہی کے صدقے سارے جہاں کو بنایا اس حقیقت سے انکار کی گنجائش نہیں...... اس لئے اپنے ایمان وعقیدے کو جگائیں کیوں کہ ایمان ہے تو سب کچھ ہے ورنہ کچھ نہیں'......

بیشک یہ رسالہ مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتا ہے اس سے بھرپور فائدہ حاصل کرنا چاہئے...... دُعا ہے اللہ اس مقصد کو پورا فرمائے اور اس کوشش کو قبول و منظور فرمائے آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیٰ حبیبہ وآلہ وصحابہ وسلم۔

۸/ذی الحجہ ۱۴۲۵ھ
۱۹/جنوری ۲۰۰۵ء

احقر محمد علی سومرو مسعودی

Marfat.com



مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک دلکش منظر (مدینہ منورہ)

Marfat.com

آن حسن و خوبی را نشان آن شمع جمع عاشقان
آن تاج خوبان جهان آن آن آرزوی سروری

سنبل خطان را بوی آن باغ جنان در کوی آن
ای شمس تبریز زنده از عشق تا آن جان جان

Marfat.com

# جھلکیاں

## خلقتِ محمدی

نورِ محمدی ــــــ ستارۂ محمدی ــــــ حقیقت محمدی

جانِ جہاں ــــــ ذکرِ محمدی ــــــ وسیلۂ محمدی

پیمانِ محمدی ــــــ دیدارِ محمدی ــــــ سفر نورِ محمدی

نظارۂ آدم ــــــ آرزوئے آدم ــــــ نزول نورِ محمدی

ــــــ دعائے ابراہیمی ــــــ عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت

یعقوب علیہ السلام کی خوشخبری ــــــ موسیٰ علیہ السلام کی خوشخبری

تبعّ اول کی وصیت ــــــ گوتم بدھ کی خوش خبری

سینٹ پال کی خوش خبری ــــــ

علامہ ابن جوزی کے تأثرات ــــــ

## حواشی اور حوالے ــــــ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کچھ نہ تھا ـــــ نہ زمین تھی نہ آسمان ـــــ نہ آفتاب تھا نہ ماہتاب ـــــ نہ دن تھا نہ رات ـــــ نہ گرمی تھی نہ سردی ـــــ نہ نسیم تھی نہ شمیم ـــــ نہ پھول تھے نہ پھل ـــــ نہ بہار تھی نہ خزاں ـــــ نہ بادل تھے نہ برسات ـــــ نہ چرند تھے نہ پرند ـــــ نہ صحرا تھے نہ گلشن ـــــ نہ شجر تھے نہ حجر ـــــ نہ دریا تھے نہ سمندر ـــــ نہ ہوا تھی نہ پانی ـــــ نہ آگ تھی نہ خاک ـــــ نہ جن تھے نہ ملک ـــــ نہ حیوان تھے نہ انسان ـــــ نہ یہ چہل پہل تھی نہ یہ ریل پیل ـــــ نہ دیوانگی تھی نہ شعور، نہ ہجر تھا نہ وصال ـــــ نہ اقرار تھا نہ انکار ـــــ نہ آہ تھی نہ فریاد ـــــ نہ رونا تھا نہ ہنسنا ـــــ نہ جاگنا تھا نہ سونا ـــــ نہ جذبہ تھا نہ احساس ـــــ نہ جوانی تھی نہ بڑھاپا ـــــ نہ ہوش تھا نہ خرد ـــــ نہ نشیب تھا نہ فراز ـــــ

کچھ نہ تھا ـــــ وہی وہ تھا ـــــ پھر کیا ہوا؟ ـــــ کائنات کی وسیع و عریض فضاؤں میں ایک نور چمکا ـــــ وہ نور کیا چمکا گویا زندگی میں بہار آگئی ـــــ سلسلہ چل نکلا ـــــ چراغ سے چراغ جلنے لگے۔ ـــــ دیکھتے ہی دیکھتے سارا جہاں جگمگانے لگا ـــــ ٹھہرئیے ٹھہرئیے ـــــ دیکھئے دیکھئے ـــــ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے وہ کیا فرما رہے ہیں :۔

اے جابر! اللہ تعالےٰ نے تمام مخلوقات سے پہلے اپنے نور سے تیرے نبی کے نور کو پیدا فرمایا، یہ یقینی بات ہے، اس میں کوئی شک نہیں ـــــ پھر وہ نور قدرتِ الٰہی سے جہاں خدا نے چاہا دورہ کرتا رہا

Marfat.com

اُس وقت لوح، قلم، جنت، دوزخ، فرشتے، آسمان، زمین، سورج، چاند جن و انس کچھ نہ تھا[1] ——

ایک مرتبہ فرمایا:۔

سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور پیدا فرمایا اور میرے ہی نور سے ہر چیز پیدا فرمائی[2] ——

قرآن حکیم میں اس حقیقت کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ارشاد ہوتا ہے:۔

بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب[3]

کون جانے یہ نور کب ظاہر ہوا! —— اتنا پتہ چلتا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز حضرت جبریل علیہ السلام سے دریافت فرمایا —— "تمہاری عمر کتنی ہے"؟ —— انھوں نے عرض کیا:۔

اس کے سوا میں کچھ نہیں جانتا کہ چوتھے حجابِ عظمت میں ہر ستر ہزار برس کے بعد ایک ستارہ طلوع ہوتا تھا جسے میں نے اپنی عمر میں ستر ہزار مرتبہ دیکھا ——

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اے جبریل! —— میرے رب کے عزت و جلال کی قسم وہ ستارہ میں ہی ہوں[4] ——

امام بخاری نے بخاری شریف میں وہ طویل حدیث نقل فرمائی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تمام اشیاء بتدریج نور محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) سے پیدا فرمائیں[5]۔ چنانچہ اسی حدیث کی روشنی میں اہل حدیث کے مشہور فاضل نواب صدیق حسن خاں صاحب بعض عرفاء کے تاثرات و خیالات نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

چونکہ ممکنات کی ہر شئے موجودات کے ہر ایک ذرے میں حقیقت محمدیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام جاری و ساری ہے اس لئے تشہد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کو خطاب کیا گیا ہے۔ پس آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نمازیوں کے وجود میں حاضر ہیں اس لئے نمازی پر واجب ہے کہ اس حقیقت سے باخبر رہے اور اس مشاہدے سے غافل نہ رہے تاکہ انوار قرب اور اسرار معرفت سے روشن اور بامراد ہو ــــ ہاں ؎

در راہ عشق مرحلۂ قرب و بُعد نیست
می بینمت عیاں و دعامی فرستمت

سکھ مت کے بانی گرونانک (۱۴۶۹ــ۱۵۳۹) نے ریاضیاتی طور پر ثابت کیا ہے کہ نور محمدی کائنات کی ہر شئے میں جلوہ گر ہے، انھوں نے اپنے شبد میں بڑے یقین کے ساتھ کہا ہے ع

گرونانک یوں کہے ہر شئے میں محمد کو پائے

جب ہم یہ کہتے ہیں کہ کائنات کی ہر شئے میں نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم کی جلوہ گری ہے تو گویا ہم یہ اعتراف کرتے ہیں کہ کائنات کی ہر شئے اپنی تخلیق میں نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی مرہون منت ہے، آپ نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا ــــ ــــ اگر یہ حقیقت ہے تو پھر اس کو دنیا کی ہر مذہبی کتاب میں ہونا چاہیئے، حدیث میں ہونا چاہیئے، دیدہ وروں کے اقوال میں ہونا چاہیئے ــــ آیئے ایک نظر احادیث پر ڈالیں ــــ

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا:۔

اے محمد! میری عزت و جلال کی قسم اگر آپ نہ ہوتے تو میں نہ زمین پیدا کرتا اور نہ آسمان اور نہ یہ نیلگوں چھت بلند کرتا اور نہ یہ خاکی فرش بچھاتا ــــ

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے یوں فرمایا:۔

میرے پاس جبریل (علیہ السلام) آئے اور کہا ــــ اے محمد! اگر

Marfat.com

آپ نہ ہوتے تو جنت پیدا نہ کرتا، آپ نہ ہوتے جہنم پیدا نہ کرتا"[11]

ایک اور روایت میں یہ بھی ہے :۔

آپ نہ ہوتے تو دنیا پیدا نہ کرتا"[11]

حضرت عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آدم (علیہ السلام) سے فرمایا، محمد نہ ہوتے تو میں تم کو پیدا نہ کرتا

اور ایک دوسری حدیث میں ہے :۔

اگر محمد نہ ہوتے تو نہ تم کو پیدا کرتا اور نہ ہی زمین و آسمان کو۔"[12]

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ایک روز حضرت جبریل علیہ السلام سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا :۔

آپ کا رب فرماتا ہے، بیشک میں نے تم پر انبیاء کو ختم کیا، اور کوئی ایسا نہ بنایا جو تم سے زیادہ میرے نزدیک عزت والا ہو ـــــ تمہارا نام میں نے اپنے نام سے ملایا کہ کہیں میرا ذکر نہ ہو جب تک کہ میرے ساتھ تم یاد نہ کیے جاؤ، بیشک میں نے دنیا اور اہل دنیا سب کو اس لئے بنایا کہ تمہاری عزت اور اپنی بارگاہ میں تمہارا مرتبہ ان پر ظاہر کروں اور اگر تم نہ ہوتے نہ میں آسمان و زمین اور جو کچھ ان میں ہے اصلاً نہ بناتا"[13]

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدم علیہ السلام سے لغزش سرزد ہوگئی تو انھوں نے آپ کے وسیلے سے مغفرت کی دعا فرمائی، ـــــ رب تعالٰے نے پوچھا، "محمد کو کیسے پہچانا"ـــــ عرض کیا، آنکھ کھولتے ہی سر عرش یہ کلمہ لکھا دیکھا "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ"

ـــــ فرمایا، میں نے تمہیں بخشدیا اور ساتھ ہی یہ فرمایا :۔

وہ تمہاری اولاد میں سے آخری نبی ہیں، اگر وہ نہ ہوتے تو میں تمہیں پیدا نہ کرتا"[14]

Marfat.com

یہ روایت ابن تیمیہ نے فتاویٰ کبریٰ میں نقل کی ہے ۔
انجیل برناباس اور انجیل یوحنا میں بھی اس عالم گیر حقیقت کا ذکر ملتا ہے ۔۔۔۔۔
انجیل برناباس میں رب تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے :-

میں نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی خاطر تمام اشیاء بنائی ہیں تاکہ اس کے وسیلے سے تمام اشیاء میری صفت و ثنا کریں[16]

اس انجیل برناباس میں ہے حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ السلام سے جب پوچھا گیا کہ آنے والے رسول کا کیا نام ہوگا، تو آپ نے فرمایا :-

اس کا نام محمد ہوگا، کیوں کہ اللہ نے جس وقت اس کی روح پیدا کی یہی نام رکھا تھا اور اس روح کو ایک آسمانی نور میں رکھا تھا اور فرمایا تھا ۔۔۔۔۔

"محمد انتظار کیجئے کیوں کہ میں تیری خاطر جنت، دنیا اور بکثرت مخلوق پیدا کروں گا، جس پر آپ کو گواہ بناؤں گا ۔۔۔۔۔ جو تجھ پر سلام بھیجے گا اس پر سلام بھیجا جائے گا۔"[17]

اور انجیل یوحنا میں ہے :-

ساری چیزیں اس کے وسیلے سے پیدا ہوئیں، جو کچھ پیدا ہوا ہے اس میں سے کوئی چیز بھی اس کے بغیر پیدا نہیں ہوئی ۔۔۔۔۔ اس میں زندگی تھی، اور وہ زندگی آدمیوں کا نور تھا[18]

مندرجہ بالا حقائق و شواہد سے معلوم ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نور کائنات کے ذرّے ذرّے میں جاری و ساری ہے اور بیشک آپ وجہ تخلیق کائنات ہیں ۔
حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م۔ ۱۵۰ھ) اپنے نعتیہ قصیدے میں فرماتے ہیں :-

(۱) اگر آپ نہ ہوتے تو کوئی انسان پیدا نہیں کیا جاتا اور مخلوق خدا پیدا کی جاتی
(۲) آپ ہی کے نور سے چودھویں کے چاند نے چاندنی کا لباس پہنا اور آپ ہی

Marfat.com

کے جمال کے نور سے سورج نورانی ہے۔

(ماخوذ از قصیدۃ النعمان مع شرح رحمۃ الرحمان، مطبوعہ سیالکوٹ، ص ۴۰۔۴۱)

حضرت عمر بن فارض رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۶۳۳ھ / ۱۲۳۴ء) نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں قصیدہ تائیۃ الکبریٰ پیش کیا ہے، اس میں فرماتے ہیں:۔

موجودات کے ہر وجود کی اصل محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود ہے۔ کیونکہ آپ ساری کائنات کے لئے روح اعظم کی صورت میں ہیں اور آپ ہی رابطۂ ایجاد ہیں ــــــ مکاشفہ والوں کو شہود کی نعمت عظمیٰ آپ ہی کے سبب ملتی ہے کیوں کہ شہود روح کی صفت اور فخر دو عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی روح مقدس تمام روحوں کی اصل ہے۔[19]

علامہ ابن جوزی (م ۵۹۷ھ / ۱۲۰۰ء) سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد آمد پر ملت اسلامیہ کو مبارک باد دیتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

اگر آپ نہ ہوتے تو یہ ساری دنیا ہی نہ پیدا کی جاتی، یہ فخر کی بات ہے ــــــ میں انکار کی بات نہیں کر رہا ــــــ ایسے ہدایت کرنے والے نبی کی اُمت! تمہیں مبارک ہو!

علامہ محمد ہاشم تتوی رحمۃ اللہ علیہ[21] (۱۱۰۴ھ / ۱۶۹۴ء تا ۱۱۷۲ھ / ۱۷۵۸ء) سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں اپنے ایک عربی قصیدے میں فرماتے ہیں:۔

(۱) تمام جہاں تجھ سے روشن ہوا، تو اے اللہ کے نور مجھے بھی چمکا!

(۲) تمام کائنات کے اطراف تیرے روئے زیبا سے روشن ہوئے۔

(۳) تمام دل محمد عربی کی طرف مائل ہوئے کیوں کہ وہی تو حسن و جمال کو تقسیم کرنے والے ہیں۔

(۴) اگر آپ نہ ہوتے تو سات طبق آسمانوں کے اور نہ ہی جنت اور نغمہ سرا پرندے ہوتے۔[22]

اور ایک عاشق صادق نے کیا خوب فرمایا ہے:۔

Marfat.com

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

بیشک اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے اپنے نور سے نور محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پیدا فرمایا، پھر اس نور سے تخلیق کا سلسلہ شروع ہوا ——— ہاں، انھیں کے نور سے کائنات کا ذرّہ ذرّہ روشن ہوا ——— مگر یہ نور کہاں کہاں رہا اور کہاں سے کہاں پہنچا؟ ——— قرآن حکیم کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ لاکھوں برس پہلے ابھی دنیا بھی آباد نہ ہوئی تھی، ابھی وہ نور دنیا میں ظاہر نہ ہوا تھا کہ دنیا میں آنے والے ہزاروں پیغمبروں سے ان کے پروردگار نے ایک تاریخی اور یادگار عہد لیا ——— خود پروردگار عالم اس عہد کو ان الفاظ میں یاد دلا رہا ہے :-

اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے اُن کا عہد لیا ——— "جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا" ——— فرمایا ——— "کیوں تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمّہ لیا"؟ ——— سب نے عرض کیا ——— "ہم نے اقرار کیا" ——— فرمایا ——— "تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں آپ تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں"۔[۲۳]

انجیل کے مطالعہ سے تو معلوم ہوتا ہے کہ آنے والے رسولوں اور پیغمبروں کو آپ کی صورت بھی دکھادی گئی تھی ——— چنانچہ حضرت عیسٰی علیہ السلام فرماتے ہیں :-

یقین جانو میں نے اُسے دیکھا ہے اور اس کی تعظیم کی ہے جیسے اُسے ہر نبی نے دیکھا ہے کیوں کہ اُس کی روح سے خدا نے انھیں نبوت دی، جب میں نے دیکھا تو میری روح تسکین سے بھر گئی۔[۲۴]

نور محمدی کی تخلیق کے لاکھوں برس بعد جب حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو یہ نور

Marfat.com

مبارک اُن کی پشت میں رکھ دیا گیا ——— حدیث شریف میں اس کی تفصیل موجود ہے جس کا خلاصہ یہ ہے:۔

اللہ تعالیٰ نے جب آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو نورِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن کی پشت مبارک میں رکھ دیا اور یہ نور ایسا شدید چمک والا تھا کہ باوجود پشت آدم (علیہ السلام) میں ہونے کے پیشانی آدم (علیہ السلام) سے چمکتا تھا اور آدم (علیہ السلام) کے باقی انوار پر غالب آجاتا تھا[۲۵] ———

ہاں اسی نور کا نام سرِعرش لکھا ہوا تھا جس کو آدم علیہ السلام نے عالم ظاہر میں آتے ہی ملاحظہ فرمایا، پھر اسی نور کے وسیلے سے اپنی لغزش کی معافی چاہی اور ربّ تعالیٰ نے اپنے کرم سے معاف فرما دیا ——— یہ تفصیل خود سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو اس طرح بتائی ———

آدم علیہ السلام:۔ اے پروردگار میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں۔

رب تبارک تعالیٰ:۔ تم نے محمد کو کیسے پہچانا، ابھی تو میں نے ان کو پیدا بھی نہ فرمایا؟

آدم علیہ السلام:۔ میں نے اس طرح پہچانا کہ تو نے جب مجھے اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور میرے اندر اپنے طرف کی روح پھونکی، میں نے اپنا سر اٹھایا تو عرش کے پایوں پر لَا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا دیکھا تو میں نے جان لیا تو نے اپنے نام کے ساتھ جسے ملایا ہے، یقیناً وہ تیرے نزدیک ساری مخلوق سے زیادہ محبوب ہے۔

رب تبارک و تعالیٰ:۔ آدم تم نے سچ کہا، یقیناً وہ میرے نزدیک ساری مخلوق سے زیادہ محبوب ہے اور جب تم نے اس کے وسیلے سے دعا کی تو میں نے تم کو بخش دیا ——— اگر محمد نہ ہوتے تو میں تمہیں پیدا نہ

Marfat.com

کرتا۔[۲۶]

انجیل برناباس کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے آنکھ کھولی تو فضاؤں میں ایک چمکتی دمکتی تحریر دیکھی۔

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

دیکھ کر وہ حیران ہوگئے اور بارگاہ خداوندی میں عرض کیا۔

مجھ سے پہلے بھی انسان ہوئے ہیں؟

اس بارگاہ عالی سے جواب آیا۔

اے میرے بندے آدم! تمہارا آنا مبارک ہو ــــــ میں تجھ سے کہتا ہوں کہ تو پہلا انسان ہے جس کو میں نے پیدا کیا ہے اور جس کا نام تو نے دیکھا وہ تیرا ہی بیٹا ہے لیکن وہ آج سے سالوں بعد دنیا میں آئے گا اور میرا پیغمبر ہوگا ــــــ اس کے لئے میں نے تمام چیزیں پیدا کی ہیں ــــــ وہ جب آئے گا تو دنیا کو روشن کر دے گا ــــــ یہ وہی ہے جس کی روح تخلیق کائنات سے ساٹھ ہزار برس پہلے ایک آسمانی نور کی شکل میں تھی۔[۲۷]

حضرت آدم علیہ السلام نے یہ سن کر رب تعالیٰ کے حضور التجا کی کلمہ طیبہ کے دونوں جز ان کے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں پر آجائیں ــــــ خدا کی شان سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے پر لا الٰہ الا اللہ اچانک ظاہر ہوا اور الٹے ہاتھ کے انگوٹھے پر محمد رسول اللہ ــــــ آپ نے دیکھتے ہی بیتابانہ اپنے انگوٹھے چوم لیے[۲۸] اور آنکھوں سے لگائے اور فرمایا۔

مبارک ہو وہ دن جس دن تو اس دنیا میں تشریف فرما ہو[۲۹] ــــــ

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے حضرت آدم علیہ السلام کی اس سنت پر عمل فرمایا اور آج مسلمانان عالم کی ایک کثیر تعداد اس سنت پر عمل کر رہی ہے۔

علامہ ابن جوزی نے سیدنا وہب بن منبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے مزید

Marfat.com

تفصیلات لکھی ہیں اور لکھا ہے :۔

یہ نورِ مبارک آدم علیہ السلام کی پشت میں ودیعت رکھا گیا، پھر یہ نور پاک اور طاہر پشتوں میں منتقل ہوتا رہا یہاں تک کہ عبداللہ کی پشت تک پہنچا اور پھر پیکر بشری میں ظاہر ہوا۔[۳۰]

یہ نور دیکھنے والوں نے عبداللہ کی پیشانی میں دیکھا پھر یہ نور حضرت آمنہ کے بطن میں منتقل ہو گیا۔[۳۱]

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم خود فرماتے ہیں :۔

اللہ تعالے نے مجھے صلب آدم میں زمین پر اتارا اور مجھے حضرت نوح کے ساتھ کشتی میں سوار کیا ــــ اور مجھے صلب ابراہیم میں آگ میں ڈالا ــــ میں اسی طرح اپنے والد حضرت عبداللہ تک ایک صلب سے دوسری صلب کی طرف منتقل ہوتا گیا[۳۲]

انبیاء علیہم السلام آپ کی آمد آمد کا اعلان کرتے رہے اور آرزوئیں کرتے رہے ــــ تعمیر کعبہ کے بعد حضرت ابراہیم نے دُعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور عرض کیا :۔

اے ہمارے رب ! اور بھیج ان میں ایک رسول انھیں میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں تیری کتاب اور پختہ علم سکھائے اور انہیں خوب ستھرا فرمائے ' بیشک تو ہی ہے غالب حکمت والا[۳۳]

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یہ آخری اعلان فرمایا :۔

اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں' اپنے سے پہلی کتاب توریت کی تصدیق کرتا ہوا اور اُن رسول کی بشارت سناتا ہوا جو میرے بعد تشریف لائیں گے' ان کا نام " احمد " ہے[۳۴]

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :۔

میں تمہیں اپنے ابتدائے حال کی خبر دوں ــــ میں دعائے ابراہیم ہوں

Marfat.com

_____ بشارت عیسیٰ ہوں _____ اپنی والدہ کے اُس خواب کی تعبیر ہوں جو انھوں نے میری ولادت کے وقت دیکھا اور اُن کے لئے ایک نور ساطع ظاہر ہوا جس سے ملک شام کے ایوان و قصور اُن کے لئے روشن ہو گئے _____ ۳۵

○

وہ نور جو لاکھوں برس پہلے جھلملایا _____ جس کے دم سے کائنات جگمگائی _____ جو چلتا چلتا پشت آدم تک پہنچا اور پشت آدم سے صُلب عبداللہ تک _____ ہاں آنے والے ہر پیغمبر نے اپنی اپنی قوم کو جس کی آمد آمد کی خوشخبریاں سنائیں _____ جو سب کے لئے آیا تھا _____ جو ساری قوموں کے لئے آیا تھا _____ جو سارے جہان کے لئے آیا تھا _____ سب انتظار کرتے رہے _____ سب راہ تکتے رہے _____ سنیئے، سنیئے قرآن کیا کہہ رہا ہے:۔

عنقریب نعمتوں کو ان کے لئے لکھدوں گا جو ڈرتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں' وہ غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت میں اور انجیل میں' وہ انہیں بھلائی کا حکم دے گا اور برائی سے منع فرمائے گا اور ستھری چیزیں ان کے لئے حلال فرمائے گا، اور گندی چیزیں اُن پر حرام کرے گا اور اُن پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے جو اُن پر تھے اتارے گا۔ تو وہ جو اس پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں اور اسے مدد دیں اور اس نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ اترا، وہی با مراد ہوئے ۳۶

شاہ حبش نجاشی' حضرت عبداللہ بن سلام اور حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہم علماء یہود و نصاریٰ میں تھے، ان حضرات نے توریت اور انجیل کی پیش گوئیوں کی تصدیق کی اور مشرف باسلام ہوئے _____ قرآن حکیم کی مندرجہ بالا آیات میں

Marfat.com

اسی قسم کے حضرات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ـــــــــــ

بعثت نبوت سے تقریباً ڈھائی ہزار برس پہلے حضرت یعقوب علیہ السلام نے بشارت دی :-

شیلون (بنی الامان) کے ہاتھ پر بنی اسرائیل کا ملک اور شریعت ختم ہو جائے گی [۳۷] ـــــــــــ

ولادت نبوی سے دو ہزار برس پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کی کی بشارت دی اور آپ کی مندرجہ ذیل نشانیاں بیان فرمائیں :-

(۱) وہ غیب کی خبریں بتائیں گے
(۲) حضرت اسماعیل کی اولاد میں ہوں گے
(۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کو منسوخ کریں گے
(۴) بے پڑھے ہوں گے
(۵) امانت دار ہوں گے
(۶) کسی کو قتل نہیں کریں گے۔ [۳۸]

اللہ اکبر! ـــــــــــ یہ ساری علامتیں اور یہ ساری نشانیاں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود تھیں ـــــــــــ

حضرت یعقوب اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے علاوہ حضرت اشعیاہ، حضرت دانیال، حضرت ارمیاہ اور حضرت حبقوق علیہم السلام نے بھی آپ کی آمد آمد کی عظیم خوش خبریاں سنائیں [۳۹] ـــــــــــ یہ بشارتیں ولادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل، ایک سے ڈھائی ہزار برس کے درمیان سنائی گئیں، ـــــــــــ

تاریخ نے ایک اور اہم واقعہ اپنے سینے میں محفوظ رکھا ہے۔ آپ بھی سنیئے اور ایمان تازہ کیجئے ـــــــــــ

ولادت نبوی سے ہزار سال قبل دنیا کا حکمران تُبّع اوّل (حمیری ورد ع) چار ہزار علماء و دانشوروں اور ایک فوج ظفر موج کے ساتھ سفر پر نکلا ـــــــــــ وزیر خاص عمار بھی

Marfat.com

ہمرکاب تھا ــــــ جب صحرائے مدینہ سے گزر ہوا تو یہاں ایک خیمہ کے سوا کچھ نہ تھا ــــــ مگر توریت و زبور کے عالم جانتے تھے کہ یہاں ایک آنے والا آنے والا ہے ــــــ چارسو علماء نے عرض کیا "ہم کو یہیں رہنے دیں" ــــــ پوچھا "کیوں؟"

حقیقت حال بیان کی گئی کہ یہاں ایک رسول امیؐ مبعوث ہونے والا ہے جس کا نام "محمد" (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوگا، وہ ہجرت کرکے یہاں آئے گا اور یہیں بس جائے گا' ــــــ تبع اول نے یہ سُن کر حکم دیا کہ مدینہ میں ایک بستی بسائی جائے اور چارسو مکان بنائے جائیں ــــــ پھر سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے نام ایک عریضہ لکھا اور ایک عالم کو دیا کہ جب اس رسول امیؐ کا ظہور ہو تو ان کی خدمت میں یہ عریضہ پیش کردینا ــــــ خدا کی شان جس عالم کو خط دیا تھا سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے میزبان اوّل حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ اسی عالم کی اولاد میں تھے ــــــ جب بعثت نبوی کا غلغلہ بپا ہوا تو مدینہ منورہ سے ابولیلیٰ یہ عریضہ لیکر مکہ معظمہ گئے اور دربار نبوی میں حاضر ہوئے دیکھتے ہی فرمایا "تم ابولیلیٰ ہو؟"

ابولیلیٰ حیران رہ گئے ــــــ پھر فرمایا "تبع اول کا خط لاؤ"

ابولیلیٰ نے خط پیش کیا ــــــ حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم کو حکم دیا کہ پڑھ کر سناؤ ــــــ آپ نے یہ خط پڑھ کر سنایا ــــــ سُن کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوئے اور فرمایا:-

"نیک بخت بھائی، شاباش"![40] ــــــ

تاریخ کے اوراق میں اس خط کا پورا متن محفوظ ہے ــــــ یہ بھی ایک معجزہ ہے' ــــــ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً پانچ سو برس پہلے بدھ مت کا بانی اوّل گوتم بدھ ہندوستان میں پیدا ہوا[41] ــــــ اس نے واضح الفاظ میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کئی پیش گوئیاں کی ہیں ــــــ ان میں سے ایک یہ بھی ہے:-

Marfat.com

میرے بعد ایک اور پیغمبر "میتریا" آئے گا[۴۲]

سنسکرت میں "میتریا" کے معنی رحیم، مہربان یا رحمت عالم اور مہربان عالم کے ہیں[۴۳] ____ قرآن حکیم میں صاف لفظوں میں آپ کو "رحمۃ للعالمین" کہا گیا ہے

جب گوتم بدھ کا انتقال ہونے لگا تو اس کے خادم نے پوچھا کہ اس کے بعد ان کی کون رہنمائی کرے گا؟ ____ گوتم بدھ نے جو جواب دیا اس میں سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک ایک نشانی بتادی تاکہ کسی شک کرنے والے کے دل میں شک نہ رہے ____ اُس نے کہا:۔

- ____ میں ہی اکیلا رسول نہیں ہوں جو دنیا میں آیا اور نہ میں آخری رسول
- ____ ہوں[۴۵] ____ اپنے وقت پر ایک رسول آئے گا۔
- ____ مقدس نورٌ علی نور
- ____ جو علم و حکمت کی تعلیم دے گا؛
- ____ جو قدرت کے سارے غیبوں سے واقف ہو گا۔
- ____ جو سراپا شان ہی شان ہو گا۔
- ____ جو نوع انسانی کا ایک مثالی قائد ہو گا اور جن و انس کا معلّم
- ____ وہ الٰہی حقیقتیں اس طرح کھولے گا جس طرح میں کھولتا ہوں
- ____ وہ اپنے مذہب کی تبلیغ کرے گا
- ____ حقیقت میں اس کا مذہب بہترین مذہب ہو گا
- ____ وہ شان و شوکت اور فضل و بزرگی کی انتہائی بلندیوں تک پہنچ جائے گا
- ____ وہ میری طرح سچائی کی زندگی گزارے گا
- ____ اس کے پیروکار ہزاروں کے حساب سے بڑھیں گے
- ____ وہ سراپا رحمت ہی رحمت ہو گا[۴۶] ____

گوتم بدھ نے ایک ایسی بھی پیش گوئی کی ہے جو ہر شک کرنے والے کے دل سے شکوک و شبہات کے سارے خس و خاشاک دور کر دیتی ہے ____ سنیئے وہ کیا کہتے ہیں:۔

Marfat.com

اس کی وحی بڑی فصیح ہوگی، جو اس کو سنیں گے وہ سُن سن کر کبھی نہ تھکیں گے بلکہ زیادہ سے زیادہ سننا چاہیں گے[۴۷] ـــــــ

قرآن حکیم کا یہ اعجاز ہے کہ بار بار پڑھا جاتا ہے اور بار بار سننے کو دل چاہتا ہے۔ ـــــ دنیا کی کسی کتاب میں یہ خوبی نہیں، ایک دو بار پڑھ کر جی اکتانے لگتا ہے مگر قرآن بار بار پڑھا جاتا ہے، بار بار سنا جاتا ہے ـــــ ہیری، ڈرومن، چیمبر اور پال وغیرہ ماہرین کتب مذاہب نے قرآن حکیم کی اس خوبی کا بطور خاص ذکر کیا ہے۔ ـــــ

۹۶ء میں سینٹ پال نے اپنے مشاہدات و مکاشفات اس طرح بیان کئے:۔

میں آسمان کھلا ہوا دیکھ رہا ہوں ـــــ دیکھو دیکھو ایک سفید گھوڑا ـــــ جو اس پر سوار ہے اس کو "صادق" و "امین" کہا جاتا ہے وہ سچائی سے انصاف کرے گا اور سچائی کے لئے جنگ کرے گا۔[۴۹]

علامہ ابن جوزی نے، سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی آمد آمد پر اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے سیر و حدیث کی حقیقتوں کو کس خوبی سے سمیٹا ہے، وہ فرماتے ہیں:۔

ہر ایک نبی اپنے رب کے حضور (اس نور محمدی سے) توسل کر کے پناہ مانگتا رہا ـــــ چنانچہ سیدنا آدم علیہ السلام کی توبہ انھیں کے وسیلے سے قبول ہوئی اور حضرت ادریس علیہ السلام کو انھیں کی وجہ سے مقام بلند میں رفع کیا گیا اور حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی میں انہیں کا وسیلہ پکڑا اور حضرت یونس علیہ السلام نے اپنی دعا میں اسی وسیلے پر اعتماد فرمایا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام انھیں کو شفیع لائے اور حضرت ایوب علیہ السلام نے انہیں کے واسطے سے تضرع و زاری کی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو انھیں کی منزلت اور مرتبت سے روشناس کرایا اور انہوں نے رب سے دعا مانگی کہ میں ان کا وزیر اور اُمتی بنوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انہیں کے وجود با جود کی بشارت دی اور آپ

Marfat.com

کی تشریف آوری کے زمانے تک قائم و زندہ رہنے کی مہلت مانگی ـــــ اور استدعا کی کردہ آپ کے معاون و مددگار بنیں؛

علمائے یہود یعنی احبار نے آپ کی تشریف آوری کی خبریں دیں اور اہل کتاب کے عابدوں اور راہبوں نے آپ کے ظہور سراپا سرور کی بشارتیں دیں اور غیبی ہاتفوں نے آپ کے ذکر مبارک، ولادت باسعادت کی منادی کی اور جنات آپ کی رسالت و نبوت پر ایمان لائے [51] ـــــ

وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین

Marfat.com

# حواشی اور حوالے

۱؎ حضرت امام احمد بن حنبل کے استاد اور امام بخاری اور امام مسلم کے استاذ الاساتذہ عبدالرزاق ابوبکر بن ہمام رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب مصنف میں اس حدیث کو نقل فرمایا ہے ـــــ اور مندرجہ ذیل علمائے اعلام نے اپنی اپنی کتابوں میں اس حدیث سے استناد کیا ہے :-

ا۔ علامہ ابن حجر ہیتمی : فتاویٰ حدیثیہ، ص ۲۸۹

ب۔ علامہ قسطلانی :- مواہب اللدنیہ، ج ۱، ص ۵۵

ج۔ ابوعبداللہ محمد بن عبدالباقی : زرقانی، ج ۱، ص ۴۶

د۔ علامہ عبدالغنی نابلسی :- الحدیقۃ الندیۃ، مطبوعہ فیصل آباد ج ۲، ص ۳۷۵

ھ۔ برہان الدین حلبی : سیرت حلبیہ، ج ۱، ص ۳۰

و۔ علامہ آلوسی بغدادی : تفسیر روح المعانی پ ۱۷، ص ۹۶

۲؎ شیخ عبدالحق محدث دہلوی : مدارج النبوۃ، ج ۲، ص ۲

۳؎ قرآن حکیم، سورہ مائدہ : آیت نمبر ۱۵

۴؎ (ا) برہان الدین حلبی : انسان العیون، ج ۱، ص ۲۹

(ب) المولیٰ اسمٰعیل الحقی الحنفی : تفسیر روح البیان، ج ۳، ص ۵۴۳

نوٹ :- سندھ کے فاضل جلیل علامہ محمد ہاشم ٹھٹوی نے اپنی تصنیف قرۃ العاشقین میں تحریر فرمایا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نور تخلیق آدم (علیہ السلام) سے ۲۷ ہزار برس پہلے پیدا ہوا۔ محمد طفیل احمد نقشبندی : تحفۃ الزائرین، کراچی ۱۹۸۶ء، ج ۲، ص ۲۲۳

ـــــ حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ سے بھی ایک روایت ملتی ہے جس میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں آدم علیہ السلام کی تخلیق سے چودہ ہزار برس پہلے اپنے

Marfat.com

— پروردگار کے حضور ایک نور تھا (برہان الدین حلبی: انسان العیون، ج ۱، ص ۲۹)
قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک دن کو ہمارے ہزار سال کے برابر فرمایا ہے۔ (سورۂ حج، آیت نمبر ۴۷) اگر حدیث میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے بتائے ہوئے سالوں کا اس تناسب سے حساب لگایا جائے تو نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی تخلیق اربوں اور کھربوں برس پہلے ہوئی ——— حقیقت یہ ہے کہ حدیث کا کماحقہٗ ادراک عقل و فہم کے بس کی بات نہیں ——— یہ معاملات عقل سے بہت بلند ہیں ——— یہاں دانشِ برہانی نہیں، دانشِ نورانی کی ضرورت ہے ———

۵ محمد ظفر الدین بہاری: تنویر السراج فی ذکر المعراج، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۵ء، ص ۲۴-۲۵ بحوالہ مصنف ابن عبدالرزاق۔

۶ (ا) نواب صدیق حسن خاں: مسک الختام (ترجمہ فارسی)، ص ۲۴۴ —
(ب) ابوالفتح محمد نصر اللہ خاں: عید میلاد النبی کا بنیادی مقدمہ کراچی، ص ۱۰۸-۱۰۹

۷ (ا) جنگ، کراچی، ۲۴ جنوری ۱۹۶۷ء
(ب) الارشاد جدید (کراچی) فروری ۱۹۶۷ء
(ج) استقامت (کانپور) مارچ ۱۹۸۷ء، ص ۱۰۵ —

۸ قرآن کریم میں ارشاد ہوتا ہے خلق لکم ما فی الارض جمیعا (سورۃ البقرۃ ۲۹) یعنی زمین میں جو کچھ ہے وہ انسان ہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے ——— دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے وَسخر الشمس والقمر (سورۂ ابراہیم، آیت ۳۳) یعنی چاند و سورج کو تمہارا خدمت گار اور مطیع و فرمانبردار بنا دیا ——— گویا زمین و آسمان انسانِ کامل کے لئے پیدا کئے گئے ہیں اور اس انسانِ کامل کا یوں ذکر فرمایا وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین اور ہم نے تمہیں نہیں بھیجا مگر دو عالم کے لئے رحمت بنا کر اور ایک وجود پر سب سے بڑی رحمت اور سب سے بڑا احسان اس کا وجود میں آنا ہے ——— گویا آپ تخلیق کائنات کا اولین سبب ہیں۔

۹ (ا) برہان الدین حلبی: انسان العیون، ج ۱، ص ۳۵۷ —

Marfat.com

(ب) علامہ عبدالرحمن صفوری : نزہتہ المجالس ج ۲، ص ۱۱۹

۱۰ (ا) ملا علی قاری : موضوعات کبیر، ص ۸۹

(ب) ابو عبداللہ حاکم نیشاپوری : المستدرک، ج ۲، ص ۶۱۵

(ج) امام محمد بن یوسف شامی : السیرۃ الشامیہ، ج ۱، ص ۱۶۲

۱۱ ملا علی قاری : موضوعات کبیر، ص ۵۹

۱۲ علامہ فاسی : مطالع المسرات، ص ۲۶۴

۱۳ احمد رضا خاں : ختم النبوت، لاہور ۱۹۷۴ء ص ۱۲

۱۴ ابن تیمیہ : فتاویٰ کبریٰ، ج ۱، ص ۱۵۱

۱۵ برناباس کا اصل نام یوسف تھا، یہ یہودی تھے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دست اقدس پر مشرف باسلام ہوئے، یہ آپ کے قابل اعتماد حواریوں میں تھے۔ انجیل برناباس انھیں کی مرتب کردہ ہے۔ یہ انجیل ۳۲۵ء تک اسکندریہ کے گرجاؤں میں تسلیم کی جاتی تھی۔ اس کے اطالوی ترجمے کا ایک مخطوطہ ویانا کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ ۱۹۰۷ء میں اس کا انگریزی میں ترجمہ مسٹر اور مسز ریگ نے کیا۔ یہی ترجمہ ۱۹۷۳ء میں کراچی سے شائع ہوا۔

۱۶ انجیل برناباس، مطبوعہ کراچی ۱۹۷۳ء باب ۵۵، ص ۷۲، باب ۹۷، ص ۱۱۳،

۱۷ ایضاً ـــــ باب ۹۷، ص ۱۲۳، باب ۹۶ - ۹۹، ص ۱۱۱ - ۱۱۲

۱۸ انجیل یوحنا، ۲ ـــ ۴ ـــ

۱۹ سید حسین علی ادیب رائے پوری : مدارج النعت، مطبوعہ کراچی ۱۹۸۶ء ص ۲۴۶

۲۰ حافظ جمال الدین عبدالرحمٰن ابن الجوزی البغدادی : بیان المیلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء (مترجمہ مفتی غلام معین الدین نعیمی) ص ۸

۲۱ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی سندھ کے مشہور محدث و فقیہ اور مجدد وقت تھے۔ ۱۱۰۴ھ / ۱۶۹۲ء میں ولادت ہوئی اور ۱۱۷۴ھ / ۱۷۶۱ء میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک مکلی (ٹھٹھہ) میں واقع ہے ـــــ علامہ موصوف کی عربی و فارسی و سندھی تصانیف

Marfat.com

کی تعداد تین سو سے متجاوز ہے جن میں سے بعض عرب اور پاکستان میں شائع ہوئی ہیں
علامہ موصوف نے سندھ میں نفاذ شریعت کے لئے بھرپور کوشش کی، انہیں کے ایما
پر حاکم سندھ غلام شاہ عباسی نے ۱۱۷۲ھ / ۱۷۵۸ء میں منشور شریعت جاری کیا جو
پورے سندھ میں نافذ کیا گیا۔

۲۲؎ ابوالسراج محمد طفیل نقشبندی: تحفۃ الزائرین، ج ۴، ص ۲۷۸

۲۳؎ قرآن حکیم، سورۂ آل عمران، آیت ۸۱

۲۴؎ انجیل برناباس، باب ۴۴، ص ۵۲

۲۵؎ (ا) محمد بن عبدالباقی: زرقانی، ج ۱، ص ۴۹

(ب) علامہ قسطلانی: مواہب اللدنیہ، ج ۱، ص ۱۰

۲۶؎ علامہ ابن کثیر: میلاد مصطفٰے (ترجمہ اردو مولانا افتخار احمد قادری) مطبوعہ
لاہور ۱۹۸۵ء ص ۱۳

۲۷؎ انجیل برناباس، باب ۳۹، ص ۵۰

۲۸؎ (ا) عادت الٰہی ہے کہ وہ اپنے برگزیدہ محبوبوں کی اداؤں کو قانون کی شکل دیکر
عبادات میں شامل فرما دیتا ہے مثلاً ارکان حج پر غور فرمائیں تو صفا اور مروہ کے درمیان
سعی حضرت ہاجرہ علیہا السلام کی یاد دلا رہی ہے ــــــ رمی جمار حضرت
ابراہیم علیہ السلام کی یاد دلا رہی ہے ــــــ وقوف عرفات حضرت آدم و حوا
علیہما السلام یا حضرت ابراہیم و ہاجرہ علیہما السلام کی یاد دلا رہا ہے ــــــ خود
بیت اللہ کا ایک ایک ذرہ ان کی یاد دلا رہا ہے۔

نماز پر غور فرمائیں تو اس کے ارکان عاشق خستہ جگر کی ادائیں معلوم ہوتی ہیں
ــــــ کبھی وہ مضطربانہ کھڑا ہو جاتا ہے ــــــ کبھی نڈھال ہو کر جھک جاتا ہے
کبھی تھک کر بیٹھ جاتا ہے ــــــ کبھی بیقراری میں اِدھر اُدھر دیکھتا ہے ــــــ
ــــــ کبھی ہاتھ پھیلا پھیلا کر دعائیں اور التجائیں کرتا ہے ــــــ یہ ساری ادائیں
نماز میں جمع کر کے آنکھ کی ٹھنڈک بنا دیا ــــــ

Marfat.com

نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آنکھوں سے لگانا اور چومنا حضرت آدم علیہ السلام کی ایک ادائے دل ربا تھی، عاشقان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھا گئی، انھوں نے بھی سنت الٰہی پر عمل کرتے ہوئے اس ادا کو یادگار بنا دیا۔

(ب) علامہ محمد ہاشم تتوی نے تقبیل ابہامین کے استحباب پر ایک رسالہ مفتاح الجنان تحریر فرمایا ہے۔

۲۹ انجیل برناباس، باب ۳۹، ص ۵۰۔

۳۰ حافظ جمال الدین عبدالرحمٰن ابن الجوزی البغدادی: بیان میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ص ۱۶۔

۳۱ ایضاً، ص ۲۱ (ملخصاً)

۳۲ ایضاً، ص ۲۲۔

۳۳ قرآن حکیم، سورۃ البقرہ، آیت نمبر ۱۲۹۔

۳۴ قرآن حکیم، سورہ صف، آیت نمبر ۶۔

۳۵ (ا) شیخ سلیمان جمل، تفسیر جمل، مطبوعہ مصر

(ب) علاؤالدین علی بن محمد الخازن: تفسیر خازن، مطبوعہ مصر

(ج) علامہ ابن کثیر: مولد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء، ص ۱۳

(د) ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب: مشکوٰۃ المصابیح، مطبوعہ کراچی، ص ۵۱۳۔

۳۶ قرآن حکیم، سورۂ اعراف، آیت نمبر ۱۵۶-۱۵۷۔

۳۷ توریت، تکوین، ۴۹: ۱۔

۳۸ (ا) توریت، خروج ۱۹: ۱۷؛ ۲۰: ۱۸-۲۰۔

(ب) توریت، التثنیہ ۱۸: ۱۵-۲۲؛ ۲۳-۳۱؛ ۳۴: ۱۰-۱۲۔

۳۹ (ا) انجیل متی، ۲۱: ۳۳-۴۴؛ ۹: ۲-۲۷۔

(ب) التثنیہ ۳۳: ۱-۴۔

Marfat.com

(ج) دکتور ہانی زرقا: یسوع المسیح فی ناسوتہ والوہیتہ، مصر ۱۹۷۱ء
ص ۴۴، ۴۷، ۷۳، ۹۰-۹۰۔

۴۰ ابوسعید خرگوشی: شرف النبی، مطبوعہ تہران مہرماہ ۱۳۶۱ھ) ص ۲۱۳-۲۱۴

۴۱ گوتم بدھ، کپل وستو (دامن ہمالیہ، بھارت) میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً ۵۰۰ برس قبل پیدا ہوا۔ اس نے ایک تحریک چلائی جو بدھ مت کے نام سے چین، جاپان، ہندوستان، پاکستان، ترکستان وغیرہ میں پھیل گئی اس طرح اس تحریک نے مشرقی بلاک بنایا جب کہ پانچ سو برس بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تحریک نے مغربی بلاک بنایا ——— گویا گوتم بدھ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مشرقی نقیب تھا۔ جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ کے مغربی نقیب تھے ——— قرآن کریم میں انبیاء کی فہرست میں ایک نام ذوالکفل (سورۂ انبیاء، آیت ۸۵) آیا ہے بعض مفسرین کا خیال ہے کہ یہ گوتم بدھ ہو سکتا ہے جو کپل وستو میں پیدا ہوا۔ عربی میں کپل کو کفل ہی کہا جائے گا۔ آزاد کشمیر (پاکستان) میں ایک شہر کا نام کفل گڑھ ہے اس علاقہ میں بدھ مت کے لوگ حکمراں رہے۔ ممکن ہے اس نام میں گوتم بدھ کے جائے پیدائش کی رعایت رکھی گئی ہو۔

۴۲ *SACRED BOOKS OF THE EAST,*
Vol. 35, p. 225

۴۳ MOINER WILLIAM: *SANSKRIT ENGLISH DICTIONARY*
*Ref. BUDDHISM,* p. 181

DR. PAUL CARUS: *THE GOSPEL OF BUDDHA,* p. 218

*LEADER* (ALLAHABAD) 16 Oct. 1930, Col. 3, p. 7

۴۴ قرآن حکیم، سورۂ انبیاء، آیت ۱۰۷۔

۴۵ تمام عالمی مذاہب میں آخری نبی کا تصور ملتا ہے۔ بدھوں نے آخری نبی کے

Marfat.com

انتظار میں برصغیر ایشیا میں جگہ جگہ مجسمے بھی بنائے۔ بدھ بادشاہوں نے بہت دلچسپی لی اور گندھارا، گیا، بنارس، سرحد، دکن، برما، چین، جاپان، سنٹرل ایشیا میں مجسمے بنائے۔ ان میں سے بعض ۱۲۰ فٹ بلند ہیں ــــ غالباً یہ مجسمے آخری نبی کے متعلق گوتم بدھ کی دی ہوئی تفصیلات کے مطابق بنائے گئے ہوں گے۔

(ABDUL HAQUE: *MUHAMMAD IN WORLD SCRIPTURES*, LAHORE, 1975, Vol. III, p 1082)

DR. PAUL CARUS: *GOSPELS OF BUDDHA*, pp. 215-218

ABDUL HAQUE: *MUHAMMAD IN WORLD SCRIPTURES*, LAHORE, 1975, Vol. III, p. 1040

؁ قرآن حکیم معجزات اور عجائبات کا مجموعہ ہے۔ مصر کے ماہر شماریات رشاد الخلیفہ مصری نے اپنے ایک تحقیقی مقالے میں یہ ثابت کیا ہے کہ قرآن حکیم کی اساس ۱۹ کے عدد پر ہے۔ انھوں نے مختلف زاویوں سے قرآن حکیم میں اس عدد کی جلوہ گری کا جائزہ لیا ہے ــــ عرصہ ہوا ان کا مقالہ کراچی سے بھی شائع ہوا تھا۔ عنوان ہے:۔

*THE PERPETUAL MIRACLE OF MUHAMMAD*

(صلی اللہ علیہ وسلم)

اس مقالے میں ایک چارٹ بھی ہے جس کا عنوان ہے:۔

القرآن الکریم: معجزة محمدیة الابدیة

اس چارٹ میں انھوں نے کمپیوٹر کے ذریعہ مختلف اعداد و شمار جمع کر کے علم الاعداد کی رو سے متن قرآن کی صداقت اور قطعیت کو ثابت کیا ہے۔ جس سے قرآن حکیم کی عالم گیریت بھی ثابت ہوتی ہے کیوں کہ جس کو نافذ ہونا ہے اس کو باقی بھی رہنا ہے۔ سنت الٰہی ہے کہ غیر مفید اور غیر مؤثر شئے کو مٹا دیا جاتا ہے مگر قرآن حکیم ڈیڑھ ہزار برس گزر جانے کے باوجود اب تک مٹنا تو کجا ذرہ برابر نہیں بدلا، جیسا تھا ویسا ہی ہے۔

Marfat.com

ABDUL HAQUE: *MUHAMMAD IN WORLD SCRIPTURES,* Vol. III, p. 1071.

(۹) مختلف ادیان کی کتابوں میں سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت اور بعثت وغیرہ سے متعلق بکثرت بشارتیں اور پیش گوئیاں ہیں۔ راقم سیرت مبارکہ پر ایک کتاب مرتب کر رہا ہے انشاء اللہ اس میں تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ اس سیرت مبارکہ کی ترتیب کچھ اس طرح ہوگی۔

۱ پہلے باب میں قرآن حکیم کی وہ تمام آیات جمع کی جائیں گی جن میں بتایا گیا ہے کہ توریت و انجیل اور دوسری آسمانی کتابوں میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر موجود ہے؛

۲ دوسرے باب میں ہندوؤں کے ویدوں، اپنشدوں، پرانوں، پارسیوں اور آتش پرستوں کی ژند اوستا ــــ بدھوں کی کتابوں اور ملفوظات ــــ توریت، زبور و انجیل اور دوسرے صحف سماوی میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جو بشارتیں اور پیش گوئیاں ہیں ان کو جمع کیا جائے گا۔

۳ تیسرے باب میں عالم سماوات، عالم حیوانات، عالم جمادات اور عالم نباتات کی شہادتوں کو یکجا کیا جائے گا۔

۴ چوتھے باب میں کتب تاریخ و سیرت و حدیث میں صحف سماوی کے حوالے یا تاریخی واقعات کے حوالے سے سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے قبل کی بشارتوں اور واقعات کا ذکر کیا جائے گا۔

۵ پانچویں باب میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی جامع اور مختصر سیرت مبارکہ پیش کی جائے گی۔

۶ چھٹے باب میں آپ کی شخصیت سے متعلق دنیا کے مختلف مذاہب کے عالموں اور دانشوروں کے تاثرات جمع کئے جائیں گے۔

۷ ساتویں باب میں دورِ جدید کے تقاضوں کے پیشِ نظر پیغام محمدی کی

Marfat.com

منتخب اور اہم باتوں کا ذکر ہوگا۔

◆ آٹھویں باب میں اسلام کے بارے میں دنیا کے مختلف مذاہب کے دانشوروں اور عالموں کے تاثرات بیان کئے جائیں گے۔

◆ نویں باب میں دنیا میں اسلام لانے والے مختلف مذاہب کے ممتاز دانشوروں کا ذکر ہوگا۔

◆ دسویں باب میں اسلام کے بارے میں مختلف مذاہب کی کتابوں و صحف سماوی کی روشنی میں دین واحد اور صراط مستقیم کی نشاندہی کی جائے گی اور اسلام کی حقانیت کو ثابت کیا جائے گا۔

اس کتاب میں حرمین شریفین کے نادر عکسوں کے علاوہ صحف سماوی کی اصل عبارت کے عکس بھی دیئے جائیں گے۔

ؔ علامہ ابن جوزی ۵۱۱ھ / ۱۱۱۷ء میں پیدا ہوئے اور ۵۹۷ھ / ۱۲۰۰ء میں انتقال فرمایا —— فن حدیث میں بڑی مہارت رکھتے تھے۔ اس فن میں ایسا کمال حاصل تھا کہ حدیث سنتے ہی اس کے مقام و مرتبہ کا تعین فرما دیا کرتے تھے —— ابن تیمیہ بھی فن حدیث میں ابن جوزی کے کمال کے معترف تھے —— ابن جوزی ایک ہزار سے زیادہ کتب و رسائل کے مصنف تھے —— وہ عالم اسلام کی ایک ممتاز شخصیت تھے جو آج سے نو سو سال قبل اس عالم آب و گل میں تشریف لائے۔

---

اؔ حافظ جمال الدین عبدالرحمٰن ابن الجوزی البغدادی: بیان المیلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ص ۵ - ۶ —

Marfat.com

یاجابران اللّٰہ تعالیٰ قد خلق قبل الأ شیاء نور نبیک

(زرقانی علی المواہب، بیروت، ج۱، ص۸۹)

# حدیثِ جابر رضی اللہ عنہ کا تحقیقی جائزہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
علامہ مفتی محمد جان مجددی نعیمی

ادارۂ مسعودیہ
۶/۲، ۵۔ای، ناظم آباد، کراچی (سندھ)
اسلامی جمہوریہ پاکستان
۱۴۲۶ھ/۲۰۰۵ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علیٰ رسولہ الکریم ٥

O

احادیثِ شریفہ کے بارے میں ہمارا علم محدود ہے.....کیا ہم اور کیا ہمارا علم!......ہمارا یقین بہت ہی کمزور ہے......ہم کو نہیں معلوم کہ صحابہ کرام تابعین اور تبع تابعین (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) نے اپنے مجموعوں اور سینوں میں احادیثِ شریفہ کو محفوظ کیا.....انہی احادیثِ شریفہ سے محدثین نے استفادہ کیا اور کتبِ احادیث تدوین فرمائیں......ہم عقل پر بھروسہ کر کے اقرار سے زیادہ انکار کرتے ہیں......حالانکہ ''عقل'' تو ''وحی'' کے مقابلے میں طفلِ شیر خوار بھی نہیں......ہم انکار پر جمے رہتے ہیں.....جدید سائنس نے قرآن وحدیث کے اُن حقائق کو ثابت کر دیا ہے جو سمجھ میں نہ آتے تھے......اور ابھی تو بہت کچھ سمجھنا باقی ہے......سمجھنے کا ایک ذریعہ ''عقل'' ہے دوسرا ذریعہ ''وحی'' ہے...... ''عقل'' بہت ہی سست رفتار ہے اور ''وحی'' بہت ہی برق رفتار......بلکہ اس کی رفتار کا ہم اندازہ ہی نہیں کر سکتے......ڈاکٹر اقبال نے سچ کہا تھا۔

عقلِ بے مایہ امامت کی سزا وار نہیں\
راھبر ہو ظن و تخمیں تو زبوں کارِ حیات

اس وقت حدیثِ نُور پر ہم گفتگو کر رہے ہیں جس کو حدیثِ جابر بھی کہا جاتا ہے......سب اسلافِ کرام صدیوں سے اپنی اپنی کتابوں میں اس کا ذکر کر رہے ہیں......لیکن اب اخلاف میں چند لوگ تحقیق کے بہانے شکوک وشبہات پیدا کرنے لگے ہیں......افسوس......ہم کیا کرنے لگے!......حدیثِ جابر میں تو حقائقِ کائنات بیان کیے گئے ہیں......یہ حدیث بڑی فکر خیز اور کائناتی اہمیت کی حامل ہے جس سے

Marfat.com

سائنسداں زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکتے ہیں، فرانسیسی فاضل ڈاکٹر مارس بکائے نے اس طرف توجہ کی ہے...... ہم سب سے پہلے حدیث شریف کے عربی متن کا ترجمہ پیش کرتے ہیں تاکہ عوام الناس سمجھ سکیں۔ پھر اس حدیث شریف کے راویوں کے بارے میں عرض کریں گے کہ حدیث کی اہمیت کا اندازہ ثِقہ راویوں ہی سے لگایا جاتا ہے...... اس کے بعد "المصنف" کے مؤلف امام عبدالرزاق کے بارے میں عرض کریں گے جنہوں نے یہ حدیث پاک روایت فرمائی...... پھر ان چند اسلافِ کرام کا ذکر کریں گے جنہوں نے اپنی اپنی کتابوں میں اس حدیث کے حوالے دیئے ہیں...... اس کے بعد اس حدیث کے خلاف عالمی کوششوں کا ذکر کریں گے اور اس کی غرض و غایت پر روشنی ڈالیں گے اور آخر میں اس حدیث کی تلاش اور بازیافت کا ذکر کریں گے......

یہ حدیث شریف مرفوع و متصل اور ثلاثی احادیث میں سے ہے...... یعنی امام عبدالرزاق اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان صرف مندرجہ ذیل تین راوی ہیں......

۱۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۲۔ حضرت محمد بن المنکدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۳۔ حضرت معمر بن راشد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اب ہم حدیث کا ترجمہ پیش کرتے ہیں:۔

امام عبدالرزاق فرماتے ہیں...... مجھے حضرت معمر، اُن سے ابن منکدر اور اُنہیں (اُن سے) حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا...... میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا...... اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کون سی شے پیدا کی؟...... تو آپ نے

Marfat.com

فرمایا.....اے جابر! .....وہ تیرے نبی کا نُور ہے.....اللہ نے اسے پیدا فرما کر اس میں سے ہر خیر پیدا کی اور اس کے بعد ہر شے پیدا کی......
جب اس نور کو پیدا فرمایا تو اسے بارہ ہزار سال تک مقام قرب پر فائز رکھا.....پھر اس کے چار حصے حصص (حصّے) کیئے.....ایک حصے سے عرش و کرسی اور ایک حصے سے حاملینِ عرش و خازنینِ کرسی پیدا کیئے.....پھر چوتھے حصے کو مقامِ محبت پر بارہ ہزار سال رکھا.....پھر اسے چار (حصوں) میں تقسیم کیا.....ایک سے قلم دوسرے سے جنت بنائی.....پھر چوتھے کو مقامِ خوف پر بارہ ہزار سال رکھا.....پھر اس کے چار اجزاء کیئے.....ایک جُز سے ملائکہ، دوسرے سے شمس، تیسرے سے قمر اور ایک جُز سے ستارے بنائے.....پھر چوتھے جُز کو مقامِ رجا پر بارہ ہزار سال تک رکھا.....پھر اس کے چار اجزاء بنائے.....ایک سے عقل دوسرے سے علم تیسرے سے حکمت اور چوتھے سے عصمت و توفیق بنائی.....پھر چوتھے کو مقامِ حیا پر بارہ ہزار سال تک رکھا..... پھر اللہ نے اس پر نظرِ کرم فرمائی تو اس نور کو پسینہ آیا.....جس سے ایک لاکھ چوبیس ہزار نُور کے قطرے جھڑے.....تو اللہ تعالیٰ نے ہر قطرے سے نبی کی رُوح یا رسول اللہ کی روح پیدا کی..... پھر ارواحِ انبیاء نے سانس لیا تو اللہ تعالیٰ نے ان انفاس سے تا قیامت اولیاء، شہداء، سعداء اور فرمانبرداروں کو پیدا فرمایا......
تو عرش و کرسی میرے نور سے..... کرّ وبیّن میرے نُور سے...... روحانیوں میرے نُور سے..... ملائکہ میرے نور سے..... جنت اور اس کی تمام نعمتیں میرے نور سے..... ملائکہ، سبع سموات میرے نُور سے..... شمس و قمر اور ستارے میرے نُور سے..... عقل و توفیق

Marfat.com

میرے نور سے...... ارواحِ رُسُل وانبیاء میرے نور سے...... شہداء و صالحین میرے نُور کے فیض سے ہیں...... پھر اللہ تعالیٰ نے بارہ ہزار پردے پیدا فرمائے...... تو اللہ تعالیٰ نے میرے نور کے جُزِ رابع کو ہر پردے میں ہزار سال رکھا اور یہ مقاماتِ عُبودیت، سکینہ، صبر، صدق ویقین تھے...... تو اللہ تعالیٰ نے اس نور کو ہزار سال تک ان پردوں میں غوطہ زن رکھا۔ جب اسے اس پردے سے نکالا اور اسے زمین کی طرف بھیجا تو اس سے مشرق ومغرب یوں روشن ہوئے جیسے تاریک رات میں چراغ...... پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین (مٹی) سے پیدا کیا...... ان کی پیشانی میں نُور رکھا...... پھر اسے حضرت شیث کی طرف منتقل کیا...... پھر وہ طاہر سے طاہر کی طرف منتقل ہوتا ہوا عبداللہ بن عبدالمطلب کی پُشت میں اور آمنہ بنت وہب کے شکم میں آیا...... پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے دنیا میں پیدا فرما کر رُسُل کا سردار...... آخری نبی...... رحمت للعالمین...... اور تمام روشن اعضاء والوں کا قائد بنایا...... تو جابر!...... یوں تیرے نبی کی تخلیق کی ابتداء ہوئی......[1]

## حدیث شریف کے راوی

### ۱۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م ۷۷ھ یا ۷۸ھ)

مشہور صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، آپ غزوۂ بدر اور غزوۂ احد کے علاوہ تمام غزوات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہے...... آپ سے ایک ہزار پانچ سو چالیس (۱۵۴۰) احادیث مروی ہیں ایک سفر سے واپسی پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے لیے پچیس (۲۵) بار مغفرت کی دعا فرمائی[2]

Marfat.com

## ۲۔ حضرت محمد بن المنکدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (م۔ ۱۳۰ھ یا ۱۳۱ھ)[۳]

امام ذہبی فرماتے ہیں کہ آپ ۳۰ھ کے بعد پیدا ہوئے یعنی آپ جلیل القدر تابعی ہیں..... آپ احادیث، حضرت عائشہ، حضرت ابو ہریرہ حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت جابر، حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت عبداللہ بن زبیر، ربیعہ بن عباد، انس بن مالک، ابوامامہ بن سہیل، سعید بن میتب، عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہیں..... اوران سے بے شمار محدثین نے روایت لی ہے..... جس میں امامِ اعظم ابوحنیفہ، امام جعفر صادق، امام مالک، امام زہری وغیرہ شامل ہیں.....[۴]

محدثین کرام آپ کو 'معدن الصدق' فرماتے تھے..... آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق صادق تھے۔ مسجد نبوی شریف میں جس مقام پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوتے تھے وہاں لوٹ پوٹ ہوتے، کوئی اس کی وجہ دریافت کرتا، فرماتے ''میں نے یہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے''..... کبھی پریشان ہوتے تو تھوڑی دیر رخسار مبارک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف پر رکھ دیتے، کوئی وجہ پوچھتا تو فرماتے ''جب میں پریشان ہوتا ہوں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف سے مدد طلب کرتا ہوں''۔[۵]

جب حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہونے لگا تو آپ نے اُن سے فرمایا:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں میرا سلام عرض کردیں۔''[۶]

صحیح بخاری میں امام محمد بن منکدر سے کم وبیش تیس (۳۰) احادیث مروی ہیں..... جن میں سے کم وبیش انتیس (۲۹) محمد بن مکندر عن جابر کی سند سے

Marfat.com

ہیں...... صحیح مسلم میں ان سے کم وبیش بائیس (۲۲) احادیث مروی ہیں جن میں سے چودہ (۱۴) کے قریب محمد بن منکدر عن جابر کی سند سے ہیں......

۳۔ حضرت معمر بن راشد رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ (ولادت ۹۵ھ یا ۹۶ھ/ وفات ۱۵۳ھ)

اپنے وقت کے زبردست عالم اور فقیہ و محدث ہیں...... امام بخاری (۱۰۴ھ۔۲۰۴ھ) وامام مسلم (۲۰۴ھ۔۲۶۱ھ) کے مرکزی راوی ہیں...... ''الجامع'' نامی ایک کتاب حدیث خود بھی تالیف کی اس میں وہ تمام احادیث جمع کردیں جو مختلف اساتذہ سے سنیں اور لکھی تھیں...... الحمدللہ اس کا مخطوطہ محفوظ رہ گیا...... ایک نسخہ جامع انقرہ شعبۂ تاریخ کے کتب خانے میں ''ذخیرۂ اسماعیل صائب'' (نمبر ۲۱۶۴) میں ہے...... یہ اندلس کے شہر طلیطلہ میں ۳۶۴ھ میں کتابت کیا گیا ہے...... دوسرا نسخہ استنبول کے کتب خانے فیض اللہ آفندی میں نمبر ۵۴۱ پر ہے جو ۶۰۶ھ میں لکھا گیا ہے......[۷]

صحیح بخاری میں امام معمر بن راشد (م۔۴۔۱۵۳ھ) سے کم وبیش دو سو پچیس (۲۲۵) احادیث مروی ہیں...... جس میں اسّی (۸۰) سے زیادہ عبدالرزاق عن معمر کی سند سے ہیں...... مسلم شریف میں ان سے تین سو (۳۰۰) احادیث مروی ہیں جن میں سے کم وبیش دو سو اسّی (۲۸۰) عبدالرزاق عن معمر کی سند سے ہیں......

۴۔ امام عبدالرزاق بن ہمام بن نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ[۸]

(ولادت ۱۲۶ھ۔ وفات ۲۱۱ھ)

آپ صنعاء (یمن) میں ایک علمی گھرانے میں پیدا ہوئے...... اپنے والد ماجد ہمام بن نافع اور جلیل القدر تابعین سے روایت کرتے ہیں......

آپ امام مالک (م ۱۷۹ھ) کے شاگرد اور امام احمد بن حنبل (م ۲۴۱ھ) کے استاد ہیں...... اور امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری (م ۲۵۶ھ) کے استاد

Marfat.com

الاساتذہ ہیں...... امام عبدالرزاق نے شام کی طرف تاجرانہ سفر کیا...... اور وہاں کبار علماء سے اخذ فیض کیا جیسے امام اوزاعی وغیرہ...... آخری عمر میں حجازِ مقدس کا سفر کیا...... لیکن زیادہ تر یمن میں رہے...... سات سے نو سال تک معمر بن راشد کی مجلس میں رہے...... اس وقت ان کی عمر ۲۰ سال کے لگ بھگ ہوگی...... پھر جب عالم اسلام میں آپ کے علم کا چرچا ہوا...... لوگ علمِ حدیث حاصل کرنے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے...... اس میں شک نہیں آپ ثقات میں سے ہیں...... آپ کی روایت کردہ حدیث صحیح اور ثابت ہے......

انہی امام عبدالرزاق بن ہمام کی روایت کردہ حدیثِ نُور پر اس وقت گفتگو ہو رہی ہے...... آپ بڑے محدث، محقق گزرے ہیں...... آپ نے ''المصنف'' نامی ایک ضخیم تالیف دو جلدوں میں چھوڑی ہے...... جس میں احادیث شریفہ کو جمع کیا گیا ہے...... یہ اولینِ کتب احادیث میں اہم تالیف ہے...... [۵۱] ''المصنف'' کے قلمی نسخے استنبول (ترکی) صنعاء (یمن) میں کامل اور حیدرآباد دکن، (بھارت) ٹونک (بھارت) حیدرآباد سندھ (پاکستان) اور مدینہ منورہ (سعودی عرب) میں ناقص ملتے ہیں...... تقریباً ۱۹۵۶ء میں عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد دکن (بھارت) کے فاضل پروفیسر ڈاکٹر یوسف الدین اسے ایڈٹ کر رہے تھے...... پھر نہ معلوم ان کے انتقال کے بعد اس کا کیا ہوا......

جولائی ۲۰۰۲ء کو شیخ محمد عارف ضیائی قادری مدنی نے فرمایا...... شیخ عیسیٰ مانع سابق وزیر اوقاف، دبئ فرماتے تھے کہ انہیں ترکی میں ''المصنف'' کے اصل قلمی نسخے کی زیارت ہوئی جس میں حدیثِ جابر موجود ہے...... مولانا محمد اشرف صاحب (فیصل آباد) بھی فرماتے تھے...... کہ اُن کی نظر میں ''المصنف'' کا قلمی نسخہ ہے جس میں حدیثِ جابر موجود ہے...... انہوں نے عکس بھیجنے کا بھی وعدہ

Marfat.com

فرمایا...... سید عرفان شاہ مشہدی نے بتایا کہ امام عبدالرزاق نے اس حدیث کو ۱۰ سندوں کے ساتھ بیان کیا ہے اور تقریباً ۱۰۰ محدثین نے اپنی اپنی کتابوں میں اس حدیث کا حوالہ دیا ہے[11]

○

جیسا کہ عرض کیا گیا...... اس حدیث کو اکابرِ علمائے اہلسنت صدیوں سے مسلسل نقل کرتے چلے آرہے ہیں...... چند حوالے پیش کیے جاتے ہیں ورنہ تو یہ اتنی تعداد میں ہیں کہ ایک کتاب مرتب کی جاسکتی ہے...... اتنی بڑی تعداد کا ایک ساقط الاعتبار حدیث پر جمع ہو جانا عقلاً و نقلاً ممکن نہیں......

۱۔ نظام الدین حسن نیشاپوری' تفسیرِ نیشاپوری' جلد اول، ص ۵۵، جلد ۸، ص ۶۶
۲۔ شیخ اسماعیل حقی' تفسیر روح البیان' جلد اول' ص ۵۴۸
۳۔ شیخ اسماعیل بن محمد العجلونی، کشف الخفاء، جلد اول، ص ۳۱۱، حدیث نمبر ۸۲۷
۴۔ احمد قسطلانی، المواھب اللدنیہ، جلد اول، ص ۹
۵۔ زرقانی شرح المواھب اللدنیہ، جلد اول، ص ۵۶
۶۔ عبدالحق محدث دھلوی' مدارج النبوۃ، جلد دوم، ص ۲
۷۔ علامہ فاسی' مطالع المسرات، ص ۲۷
۸۔ عبدالعزیز دباغ، ابریز، ص ۲۲۶
۹۔ شیخ روزبہان تفسیرِ عرائس البیان، جلد اول، ص ۲۳۸ء
۱۰۔ ابن الحجر الھیتمی، فتاویٰ حدیثیہ، ص ۵۹ اور ۶۰

ماضی قریب کے مختلف مکاتبِ فکر کے علماء نے بھی حدیثِ نور کا ذکر فرمایا مثلاً:۔

۱۔ مولانا احمد رضا خاں بریلوی صلوٰۃ الصفافی نور المصطفیٰ،
۲۔ مولوی رشید احمد گنگوہی نے شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ کے حوالے سے حدیث نور کی تصدیق، تائید کی ہے۔[12]

Marfat.com

۳۔ اشرف علی تھانوی، نشر الطیب، ص ۵......رسالہ النور، ص ۲۳۔۲۵ نیز الرافع والواضع۔ص ۱۴

۴۔ اسماعیل دہلوی، رسالہ یکروزی، ص ۱۱

۵۔ نواب وحیدالزماں ہدیۃ المہدی، ص ۵۶ [۱۳]

آپ نے ملاحظہ فرمایا...... کہ محدثین ومفسرین اور اہل سیر نے اس حدیث کو مصنفِ عبدالرزاق کے حوالے سے اپنی اپنی کتابوں میں ذکر کیا اور صدیوں سے نقل کرتے چلے آرہے ہیں...... گزشتہ چودہ صدیوں میں کسی نے اختلاف نہ کیا...... تمام مکاتبِ فکر نے یہی عقیدہ رکھا...... کہ سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور پیدا کیا گیا لیکن اب کچھ عرصے سے قدیم کتابوں کے متون کی تخریج وتحقیق کے بہانے متون میں حذف واضافے کی مہم چلی ہے...... یہ حرکت اہل علم اور اہل تحقیق کی نظر میں سخت مذموم ہے...... اس کا مقصد سیاسی نظر آتا ہے اور وہ مقصد یہ ہوسکتا ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت کو گھٹایا جائے اور اسلافِ کرام کا اعتبار اٹھایا جائے...... کیونکہ ان دونوں حقیقتوں نے ملّت کو مستحکم کر رکھا ہے...... ڈاکٹر اقبال نے سچ کہا تھا ''دورِ جدید میں ملّتِ اسلامیہ کا اصل مرض سلف صالحین سے اعتبار واعتماد کا اٹھ جانا ہے''۔ اس حدیثِ پاک میں حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت ہے...... عظمت کے احساس سے ایمان محکم ہوتا ہے...... اور دشمنانِ اسلام کا مقصد ایمان کو کمزور کرنا ہے...... اس لئے ان کے نزدیک عظمت کا انکار ضروری ہے...... (معاذ اللہ) قرآن وحدیث کے حوالے دے دے کر عظمت مصطفیٰ کے خلاف لوگوں کو سمجھایا جاتا ہے اور بعض لوگوں کے سمجھ میں بھی آنے لگتا ہے لیکن وہ آیات واحادیث نہیں پیش کی جاتیں جن سے عظمتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قائم ہو...... حالانکہ قرآنِ کریم ایسی آیات شریفہ اور کتب احادیث ایسی احادیث مبارکہ سے معمور

Marfat.com

ہیں...... جب کتابوں کے متون میں تحریف کی جائے گی اوران الفاظ وعبارات کو نکال دیا جائے گا جن کے حوالے چودہ سو برس سے علمائے سلف دیتے چلے آرہے ہیں...... تو لامحالہ جدید محرّف کتابیں پڑھ پڑھ کر علمائے حق سے پڑھنے والے بدگماں ہوں گے کہ ان کتابوں میں وہ الفاظ وعبارات ہیں ہی نہیں جن کے حوالے انہوں نے اپنی اپنی کتابوں میں دیئے ہیں...... چنانچہ تحریف کے نتیجے میں بدگمانی کی یہ صورتحال پیدا ہوچکی ہے اور مخالفین کی غلط تحقیق نے محققین کو بھی شک وشبہ میں مبتلا کردیا ہے...... حقیقت یہ ہے کہ بہت سے جھوٹ قابلِ اعتماد شخصیات کے منہ سے نکل کر سچ کا درجہ حاصل کرلیتے ہیں...... ضمناً یہ بات عرض کرتا چلوں کہ حیدرآباد دکن میں ڈاکٹر یوسف الدین ''المصنف'' کے جس نسخے کو ایڈٹ کررہے تھے وہ اُن کے انتقال کے بعد اُن کے اسلاف کو ملا...... فقیر نے بالواسطہ رابطہ کیا اور مخلصی جناب ولی ذاکر صاحب (حیدرآباد دکن) نے اس سلسلے میں بڑی مدد کی...... ان کے ذریعے یہ معلوم ہوا کہ ''المصنف'' کا قلمی نسخہ موجود ہے...... پھر فقیر نے دریافت کیا، کیا اس مخطوطے کی کسی حدیث کی نقل یا اصل مل سکتی ہے؟...... جواب ملا کہ مل سکتی ہے...... لیکن جب حدیثِ نُور کا ذکر کیا تو ''المصنف'' کے اصل مالک خاموش ہوگئے...... بار بار لکھا، کوئی جواب نہیں ملا...... پھر مجی سید جلال قادری (کمرشل اتاشی امریکن امبیسی، جدّہ) کو لکھا گیا...... وہ حیدرآباد دکن کے ایک علمی و رُوحانی خاندان کے چشم وچراغ ہیں...... انہوں نے بہت کوشش کی...... لیکن کامیابی نہ ہوسکی...... جب یہ خبر ملی کہ ''المصنف'' کے مطبوعہ نسخوں میں حدیثِ نُور نہیں تو اس سے اُس شبہہ کو تقویت ملی کہ عالمی سطح پر یہ کوشش کی جارہی ہے کہ ''المصنف'' کے جہاں جہاں قلمی نسخے ہیں اُن سے حدیث نُور نکال دی جائے یا وہ نسخے غائب کردیئے جائیں چناں چہ مواھب اللدنیۃ کے جدید ایڈیشن میں حدیث جابر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے نیچے محشّی نے بغیر تحقیق لکھدیا ہے:۔

Marfat.com

''وھذا الحدیث لا وجود لہ فی مصنف عبدالرزاق'' [۱۴]

(اور یہ حدیث وہی ہے جس کا مصنف عبدالرزاق میں وجود ہی نہیں)

حیرت ہوتی ہے کہ کس دیدہ دلیری سے یہ بات لکھدی...... مولانا محمد نذیر نعیمی صاحب جو آج کل ملک شام میں پڑھ رہے ہیں انہوں نے معلوم کیا کہ صنعاء (یمن) کے کتب خانے میں ''المصنف'' کا جو کامل نسخہ تھا وہ موجود ہے یا نہیں؟...... جواب ملا...... کہ اب نظر نہیں آرہا...... چوں کہ امام عبدالرزاق صنعاء میں رہتے تھے اس لئے یقین ہے کہ یہ نسخہ کامل و اکمل ہوگا...... حق کو جتنا چھپایا جائے وہ ظاہر ہوکر رہتا ہے...... گزشتہ سال (۲۰۰۴ء) افغانستان میں ''المصنف'' کا کامل نسخہ دستیاب ہوگیا ہے ...... جس میں یہ حدیث موجود ہے...... تلاش و جستجو کا سہرا دو حضرات کے سر ہے...... ایک شیخ عیسیٰ مانع (سابق وزیر اوقاف، دبئی) اور دوسرے علامہ محمد عباس رضوی (دوبئی) [۱۵]...... افغانستان کے اس قلمی نسخے میں یہ حدیث پاک ان تین راویوں سے مروی ہے جن کا اوپر ذکر کیا گیا...... اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کو اپنی بیکراں نعمتوں اور رحمتوں سے نوازے کہ انہوں نے حق ظاہر فرمادیا...... امید ہے کہ جلد از جلد اس قلمی نسخے کا تفصیلی تعارف اور حدیثِ پاک کا عکس شائع کردیا جائے گا۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد عفی عنہ
۲/۱۷۔ا۔سی، پی ای سی ایچ سوسائٹی،
کراچی (سندھ)
(اسلامی جمہوریہ پاکستان)

۲۶ رذیقعدہ ۱۴۲۵ھ
۸ رجنوری ۲۰۰۵ء

Marfat.com

## تعلیقات وحواشی

۱ امام عبدالرزاق، المصنف، مخطوطہ افغانستان، جلد اول، حدیث ۱۸ (بحوالہ ماہنامہ رضائے مصطفیٰ، گوجرانوالہ) نومبر ۲۰۰۴ء، ص ۹)

۲ ترمذی شریف، کتاب المناقب، حدیث نمبر ۳۸۵۲

تفصیلی حالات کے لیے مندرجہ ذیل مآخذ سے رجوع کریں:۔

۱۔ اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج ۱، ص ۹۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت

۲۔ الاصابہ للعسقلانی، ج ۱، ص ۲۲۲، مطبوعہ، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۵ء

۳۔ الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب للقرطبی، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۹۹۵ء

۴۔ تجرید اسماء الصحابہ، ج ۱، ص ۳۷ مطبوعہ دار المعرفۃ، بیروت

۵۔ تاریخ کبیر امام بخاری، ج ۲، ص ۲۰۷ دار الکتب العلمیہ، بیروت

۶۔ طبقات کبریٰ ابن سعد، ج ۳، ص ۴۵۷ دار صادر، بیروت

۷۔ المستدرک امام حاکم، ج ۳، ص ۵۶۴

۳ آپ کے تفصیلی حالات کے لیے مندرجہ ذیل مآخذ سے رجوع کریں:۔

۱۔ سیر اعلام النبلاء للذھبی، ج ۶، ص ۱۵۵ مطبوعہ دار الفکر، بیروت

۲۔ تذکرۃ الحفاظ للسیوطی، ج ۱، ص ۱۲۷ مطبوعہ حیدر آباد دکن

۳۔ تہذیب الکمال، ج ۱۷، ص ۲۶۳، مطبوعہ دار الفکر، بیروت

۴۔ طبقات ابن سعد، ج ۷ ص ۔ ۵۲ مطبوعہ دار صادر، بیروت

۵۔ تاریخ کبیر امام بخاری، ص ۱، ص ۲۱۹

۶۔ ثقات ابن حبان، ج ۵، ص ۔ ۳۵ مطبوعہ عثمانیہ، حیدر آباد دکن

Marfat.com

۴ سیر اعلام النبلاء، جلد نمبر ۵، صفحہ ۳۵۳ سے ۳۶۱ بحوالہ رضائے مصطفیٰ (گوجرانوالہ)، نومبر ۲۰۰۴ء) ص ۱۱

۵ سیر اعلام النبلاء، ج ۶، ص ۱۵۹

۶ تہذیب الکمال، ج ۳، ص ۲۹۷

۷ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صحیفۂ ہمام بن منبہ، مطبوعہ حیدر آباد دکن، ۱۹۵۶ء، صفحہ ۵۵

۸ امام عبدالرزاق بن ہمام کے تفصیلی حالات کے لیے مندرجہ ذیل مآخذ سے رجوع کریں:۔

۱۔ سیر الاعلام النبلاء، ج ۹، ص ۵۶۳، مطبوعہ دار الفکر، بیروت

۲۔ تہذیب الکمال، ج ۱۱، ص ۴۴۷، مطبوعہ دار الفکر، بیروت

۳۔ شذرات الذہب لابن العماد، ج ۲، ص ۲۷، دار المسیرۃ، بیروت

۴۔ الاعلام للزرکلی، ج ۳، ص ۳۵۳، دار ابن حزم، بیروت

۵۔ التاریخ الکبیر للبخاری، ج ۶، ص ۱۳۰ دار الکتب العلمیہ، بیروت

۹ محمد عباس رضوی، ماہنامہ رضائے مصطفےٰ گوجرانوالہ نومبر ۲۰۰۴ء ص ۱۱

۱۰ ''المصنف'' ۱۹۷۰ء میں المکتبۃ الاسلامی، بیروت سے ۱۱ جلدوں میں شائع ہوئی۔ حبیب الرحمٰن اعظمی نے تحقیق وتخریج اور تعلیق کی...... پھر ۲۰۰۰ء میں ڈاکٹر نصر الدین الازہری کی تحقیق کے ساتھ دار الکتب العلمیہ، بیروت سے ۱۲ جلدوں میں شائع ہوئی۔

۱۱ ای میل، مورخہ ۳۰ جون ۲۰۰۴ء

۱۲ فتاویٰ رشیدیہ، ص ۱۵۷ مطبوعہ قرآن محل، کراچی

۱۳ مفتی محمد خاں، ماہنامہ رضائے مصطفےٰ۔ (گوجرانوالہ) نومبر ۲۰۰۴ء، ص ۹

۱۴ مواہب اللدنیۃ، مطبوعہ دار الکتب علمیہ، بیروت، ص ۳۷

۱۵ صاحبزادہ محمد محب اللہ نوری، نور الحبیب، (بصیر پور)، جولائی ۲۰۰۴ء، ص ۳۔۶

Marfat.com

# اختتامیہ

اس کتاب کے مرتب فرزند طریقت جناب محمد علی سومرو زید حبہٗ سراپا اخلاص اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شیدائی اور فدائی ہیں...... جس خلوص ومحبت سے وہ اپنے برادر طریقت جناب شعیب افتخار زید مجدہٗ سے اس کتاب کی کمپوزنگ کرا رہے ہیں وہ خلوص دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں مقبول ہوا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ وہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے اور نہ صرف مشرف ہوئے بلکہ بیعت مصافحہ کی بڑی سعادت سے مشرف ہوئے اس سرفرازی پر وہ دلی مبارک باد کے مستحق ہیں مولی تعالٰی دارین میں خوب خوب نوازے اور یہ خواب مبارک فرمائے...... آمین!

بطور تحدیث نعمت یہاں اُن کا خواب اُن کی اپنی زبان میں پیش کیا جارہا ہے، وہ اس خواب سے وہ کراچی میں ۸/ذی الحجہ ۱۴۲۵ھ (۱۹/جنوری ۲۰۰۵ء) کو اذان فجر کے وقت مشرف ہوئے......

## دیدار گُہر بار

اللہ کے فضل وکرم اور آپ کی دعا سے ۸/ذی الحجہ ۱۴۲۵ھ (۱۹/جنوری ۲۰۰۵ء) کو ایک اچھے خواب سے مشرف ہوا ہوں (میں نے دیکھا) لوگ جمع ہیں ایک آواز آئی کہ ''یہاں سرکار صلی اللہ علیہ وسلم (تشریف فرما) ہیں''...... میں نے کہا، کہاں ''ہیں؟ (اتنے میں) سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو قریب گیا ہاتھ مبارک کا بوسہ دیا...... آپ نے مجھ پر محبت وشفقت فرمائی...... آواز آئی کہ ''تم نے خوب لطف اٹھایا'' کیوں کہ میں آپ کی آنکھ کی

Marfat.com

طرف دیکھتا رہا، مجھے ایک نور (ظاہر) نظر آیا اور کشش (پیدا ہوئی)...... یہ منظر مجھے خاص یاد رہا، اس دوران مجھ پر ایک روحانیت سے چھائی رہی اور یہ محسوس ہوتا رہا کہ مجھے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی...... آپ کی آنکھوں کا خوب مشاہدہ کیا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ہی تھے اور آواز بھی آئی کہ ''سرکار صلی اللہ علیہ وسلم یہاں ہیں''...... اس دوران آواز آئی کہ ''تم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند کیا''...... حضرت اس موقع پر کوئی گفتگو بھی ہوئی مگر مجھے یاد نہیں رہی۔ حضرت یہ سب آپ کے روحانی فیض کا اثر ہے حالاں کہ ایسے خواب کبھی دیکھنے کو نہ ملے...... (مکتوب ۹/ذی الحجہ ۱۴۲۵ھ ۲۰/جنوری ۲۰۰۵ء)

یہ خواب اُس وقت دیکھا گیا جب برادرم محمد علی سومرو صاحب فقیر کا رسالہ ''حدیث جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تحقیقی جائزہ'' کی کمپوزنگ کرانے میں مصروف تھے اس لیے اس خواب کو حدیث جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صداقت کے لیے ایک ''منامی شہادت'' بھی کہا جا سکتا ہے...... اہل عقل اس کو نظر انداز کر سکتے ہیں مگر اہل محبت اور اہل دل ہرگز اس خواب کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔

ے دل نور، جگر نور، زباں نور، نظر نور
یہ کیا ہے مری خاطر ناشاد کا عالم!

۱۰/ذی الحجہ ۱۴۲۵ھ
شب جمعۃ المبارک
وعید الاضحیٰ

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ
کراچی
(اسلامی جمہوریہ پاکستان)

Marfat.com

# ادارۂ مسعودیہ کی کتب ملنے کے پتے

۱۔ ادارۂ مسعودیہ، ۲/۶،۵۔ای ناظم آباد، کراچی۔فون 92-21-6614747

۲۔ ضیاءالاسلام پبلی کیشنز۔ضیاء منزل (شوگن مینشن) آف محمد بن قاسم روڈ، کراچی فون نمبر 2633819-2213973

۳۔ محمد عارف وعبدالراشد مسعودی۔اسٹاکسٹ ادارۂ مسعودیہ کراچی شاپ نمبر B-2 سرنج منزل امام بارگاہ اسٹریٹ نزد کچھی میمن مسجد بالمقابل گلف ہوٹل صدر کراچی، پاکستان۔فون نمبر: 021-5217281 موبائل: 0320-5032405

۴۔ مکتبہ غوثیہ، پرانی سبزی منڈی، یونیورسٹی روڈ، پولیس چوکی محلہ فرقان آباد، کراچی نمبر ۵،فون: 4910584-4926110

۵۔ ضیاءالقرآن۔14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی فون: 021-2630411-2210212


۶۔ فرید بک اسٹال ۳۸۔اردو بازار لاہور فون نمبر۔ 042-7224899


۷۔ مکتبہ الجامعہ نقشبندیہ بستان العلوم۔ کذہالہ (مجاہدہ آباد)، آزاد کشمیر براستہ گجرات، اسلامی جمہوریہ پاکستان۔


۸۔ گلوبل اسلامک مشن 355 والنٹ اسٹریٹ سویٹ ۲ یونکرس، نیویارک 10701، P.O.Box:1515 ٹیلیفون: 709-1705(914) فیکس: 709-1593(914)

۹۔ جناب منیر حسین مسعودی، 46 ہولی لین، سمیتھوک، ویسٹ مڈلینڈز B67 7JD، انگلینڈ، U.K.۔

Marfat.com










Design & Processed By: AL-HADI GRAPHICS Phone:2627022 Cell:0300-2728316

**IDARA-I-MAS'UDIA KARACHI**
**Islamic Republic Of Pakistan**